www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایڈیٹر : سید ممتاز احمد
جلد 55 شمارہ 96 — 17 اکتوبر 2026ء — 08 صفحات — قیمت 40 روپے
PTCL 081-2827345 / 081-2827344 — Email: mashriqqta2008@gmail.com — رجسٹرڈ BC-m-13

بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 2 خواتین خودکش بمبار و کالعدم تنظیموں کے 8 دہشتگرد گرفتار

گرفتاریاں شعبان اور کھڈکوچہ میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران عمل میں لائی گئی ہیں، فتنہ الہندوستان کے 2 دہشتگرد کمانڈر، 6 ٹی ٹی پی دہشت گرد اور 2 خواتین خودکش بمبار شامل

90 گرفتار دہشت گرد ڈیٹا ٹیکنالوجی سینٹر میں موجود ہیں جن سے تفتیش جاری ہے، بڑی تعداد میں دہشت گرد مارے گئے، متعدد دہشت گردوں نے ریاست کے سامنے سرنڈر کیا

اگست میں تحریک الرٹ شدت اختیار کر گیا تھا، اداروں نے ذمہ داری پوری کرتے ہوئے بیرونی تخریب کو ناکام بنایا، حکومت، انتظامیہ اور تمام ادارے ایک پیج پر متحد ہو کر کام کر رہے ہیں

حکومت پاکستان کے آئین اور ریاست کو قبول کرنے والوں کو سرنڈر ہو کر شہری زندگی گزارنے کا موقع فراہم کر رہی ہے، شاہد رند، ایس ایس داخلہ حمزہ شفقات، ڈی آئی جی عمران شوکت

پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے 93 پیسے فی لیٹر کی کمی

ڈیزل کی قیمت میں ردوبدل نہیں کیا گیا، نوٹی فیکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں 3 روپے 93 پیسے کمی کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 386 روپے 30 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل ... 2026 کے آرگنائزرز کے ساتھ گروپ فوٹو

بلوچستان کو لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ کے معاون اطلاعات شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور ڈی آئی جی عمران شوکت بھی ہمراہ ہیں

ہمیشہ جمہوریت کی علمبردار پیپلز پارٹی نے گورنر راج لگایا، صدر زرداری دستخط کریں گے، فضل الرحمن

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

یہ وہی سیاستدان ہیں جو ہمیشہ اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے، آج ہم پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا، صحافیوں سے گفتگو

گورنر راج میں حصہ مانگنے والے ہم سے ناراض ہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی

سیاسی رہنما آگ بھڑکانے اور انتشار پھیلانے کے بجائے امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کردار ادا کریں، خیبر پختونخوا کو سیاسی محاذ آرائی نہیں بلکہ امن واستحکام کی ضرورت ہے

بعض سیاسی رہنماؤں کو آج سابق فاٹا کے اضلاع کے وسائل کے معاملے پر بہت تشویش ہے جب کئی سال تک فاٹا کے اضلاع کو ان کا جائز حصہ نہیں مل رہا تھا تو اس وقت یہ لوگ خاموش کیوں تھے

ماضی میں انہیں فاٹا کے عوام کے حقوق کے لیے کوئی بیان دینا کیوں یاد نہیں آیا؟ سابق فاٹا کے عوام کے حقوق اور وسائل کا معاملہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہونا چاہیے، لاہور میں غیر رسمی گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کی بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے۔ سیاسی رہنما آگ بھڑکانے اور انتشار پھیلانے کے بجائے امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کی دہشتگردی ختم کر کے نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دینگے، طارق فضل

گورنر کی تبدیلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، ایمرجنسی اور گورنر راج کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے

وزیراعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، بامقصد مذاکرات کیلئے حکومت کے دروازے کھلے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایسے علاقے ہیں جہاں دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہیں موجود ہیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا، ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے، کسی ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے، پاکستان

اسلام آباد اپنی خودمختاری و علاقائی سالمیت کے دفاع کیلئے تیار ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے پاکستان مخالف بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں، اپوزیشن مذاکرات کیلئے تیار ہے، محمود خان اچکزئی

پشاور ہائیکورٹ اس لیے آئے ہیں کہ صوبے کے چار کروڑ عوام کی منتخب حکومت ختم کر دی گئی، تحریک انصاف نے نشستیں جیتی ہیں

بانی پی ٹی آئی کو معاہدے پر مجبور کیا جا رہا ہے، ماضی میں نواز شریف اور بینظیر بھٹو کیساتھ ایسا ہی طرز عمل اختیار کیا گیا، پریس کانفرنس

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف اپوزیشن جماعتوں نے مشترکہ جدوجہد کا اعلان ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

15 ہزار سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرون ملک روانہ

بیرون ملک جانیوالوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، آئی ٹی پروفیشنلز و دیگر شامل

2024 میں 3 ہزار 625، سال 2025 میں 3 ہزار 795 ڈاکٹرز بیرون ملک گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں سال اب تک 15 ہزار سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرون ملک روانہ ہو گئے۔ ایوان میں پیش کی جانے والی دستاویزات کے مطابق سال 2024 میں 45 ہزار 830 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرون ملک گئے اور سال 2025 میں 28 ہزار 726 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانیوں نے بیرون ملک روزگار حاصل کیا جب کہ سال ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں سرپرائز دینے والے خود سرپرائز لے کر چلے گئے، اختیار ولی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات و خیبر پختونخوا امور اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ ہمیں سرپرائز دینے والے خود سرپرائز لے کر چلے گئے۔ جمعہ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر کا خیبر پختونخوا پولیس کی تنخواہوں میں اضافے کا اعلان

شہدا پیکج، کانسٹیبل سے انسپکٹر تک معاوضہ 1 کروڑ 70 لاکھ روپے کر دیا گیا

ڈی ایس پی اور اے ایس پی رینک کے شہدا کو ڈھائی کروڑ روپے معاوضہ ملے گا

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے خیبر پختونخوا پولیس کی تنخواہوں میں اضافے کا اعلان کر دیا۔ گورنر کے پی کے اعلان کے مطابق شہدا پیکج، کانسٹیبل سے انسپکٹر تک معاوضہ 1 کروڑ 10 لاکھ سے بڑھا کر 1 کروڑ 70 لاکھ روپے کر ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان و سعودیہ ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے، وزیراعظم

سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں، پاکستانی شہریوں سمیت متعدد بے گناہ افراد زخمی ہوئے

شہباز شریف سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی التمیمی کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں نئے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی التمیمی نے ملاقات کی جس دوران وزیراعظم نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان آمد پر ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی کارروائی، کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ ہلاک

دہشتگرد زاہد گل متعدد سنگین واقعات میں بھی انتہائی مطلوب تھا، سی ٹی ڈی

پشاور (م ڈ) کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی مروت اور سیکورٹی فورسز نے ایف آر کی مروت میں کامیاب مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے کوہاٹ پولیس لائنز حملے کے ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی، گزشتہ ہفتے 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ

ایک ہفتے میں 7 اشیا سستی اور 12 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کی جانب سے ملک میں مسلسل 9 ہفتے مہنگائی میں اضافے کے بعد حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی اور مہنگائی کی شرح میں ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی اے کی خدمات بہتر بنانے کیلئے ملک بھر میں نگرانی سخت

ٹیلی کام آپریٹرز کو معیار سے متعلق مسائل مقررہ مدت میں حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے جمعے کے روز کہا ہے کہ ٹیلی کام خدمات کا معیار بہتر بنانے، نیٹ ورک کی کارکردگی بڑھانے اور ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے دو مزید زیر حراست ارکان پارلیمنٹ ہاؤس پہنچا دیے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے دو مزید زیر حراست ارکان قومی اسمبلی میاں غوث اور جمال احسن اقبال کو سخت سیکورٹی میں پارلیمنٹ ہاؤس پہنچا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان زراعت، لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کیلئے موزوں خطہ ہے، گورنر

بلوچستان پورے پاکستان کی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے

مقامی کاشتکاروں، مالداروں اور ماہی گیروں کو جدید ٹیکنالوجی، وسائل اور بنیادی سہولیات تک رسائی فراہم کی جائے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان جغرافیائی اعتبار سے زراعت، لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کیلئے زیادہ موزوں خطہ ہے۔ زراعت اور مالداری یہاں کے عوام کے اہم معاشی ذرائع ہیں۔ بلوچستان پورے پاکستان کی غذائی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ زراعت، لائیو اسٹاک اور ماہی گیری کے شعبوں کو جدید سائنسی خطوط پر استوار کیا جائے اور مقامی کاشتکاروں، مالداروں اور ماہی گیروں کو جدید ٹیکنالوجی، وسائل ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پشاور: پولیس پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، کانسٹیبل شہید

پشاور (م ڈ) پشاور میں دہشت گردوں نے حسن خیل کی پولیس پوسٹ پر حملہ کیا جس میں ایک کانسٹیبل شہید ہو گیا۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کا کہنا ہے کہ گزشتہ رات حسن خیل کی پولیس پوسٹ پیچین میلہ پر دہشتگردوں ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

انکم ٹیکس تنازعات کے متبادل حل کے طریقہ کار میں ترمیم

کمیٹی کی تشکیل، نامزدگیوں اور ارکان کے معاوضوں کا لائحہ عمل طے

متاثرہ ٹیکس دہندہ بورڈ کو تحریری درخواست دینے کا پابند ہو گا، نوٹی فکیشن

اسلام آباد (م ڈ) ایف بی آر نے انکم ٹیکس تنازعات کے متبادل حل کے طریقہ کار میں اہم ترمیم کر دی۔ رول 231 سی میں کی گئی تبدیلیوں کے تحت تنازعات کے حل کے لیے کمیٹی کی تشکیل، نامزدگیوں اور اراکین کے مالی معاوضوں کا واضح لائحہ عمل بھی ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح طامی التمیمی کی ملاقات

باہمی ترقی اور خوشحالی کیلئے دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں سعودی عرب کے تعینات ہونے والے نئے سفیر ڈاکٹر راجح طامی ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

غربت کا خاتمہ سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری، وزیراعظم

عوام کی معاشی و سماجی ترقی کیلئے مربوط حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اور عالمی سطح پر غربت کے خاتمے، عدم مساوات میں کمی، ترقی کے مساویانہ مواقع کی فراہمی کیلئے مشترکہ ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اے پی این ایس کی اخبار فروش مارکیٹ کو سیل کرنے کی مذمت

بلاجواز اور ناروا اقدام آزادی صحافت پر حملے کے مترادف ہے، سینیٹر سرمد علی

کراچی/اسلام آباد (پ ر) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (اے پی این ایس) نے کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے اسلام آباد میں اخبار فروش مارکیٹ کو من مانی طور پر سیل کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ اے پی این ایس کے صدر سینیٹر سرمد علی ..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی: خودمختار بلدیاتی نظام کے قیام کی قرارداد متفقہ طور پر منظور

بلدیاتی ادارے عوام و حکومتی نظام کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہیں، مناسب مالی وسائل، اختیارات اور افرادی قوت فراہم کی جائے، ہدایت الرحمن

پشین میں پانی کی قلت سے باغات متاثر ہو رہے ہیں، ڈیم تعمیر کیے جائیں، ظفر آغا، وفاق اضافی رقم نہیں دے رہا، وسائل کم ہیں، میر صادق عمرانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 25 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا۔ اسمبلی نے بلدیاتی اداروں کو موثر بنانے، بلدیاتی نمائندوں کی تربیت اور استعداد بڑھانے کے لئے خصوصی پروگرام شروع اور پشین میں نئے ڈیموں ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کاملہ ہیرس کا غزہ میں وحشیانہ مظالم رکوانے میں کوتاہی کا اعتراف

امریکہ اپنی اخلاقی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہا، خطاب

واشنگٹن (م ڈ) امریکا کی سابق نائب صدر کاملہ ہیرس نے غزہ میں اسرائیل کے وحشیانہ مظالم رکوانے میں کوتاہی کا ..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے حامی نہیں، جنگ میں فوج کے ساتھ ہیں، شوکت یوسفزئی

ایمرجنسی لگا کر پوری جماعت پر دہشت گردوں کی حمایت کا الزام غلط ہے، گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف دہشتگردی کو سپورٹ نہیں کرتی، ہم اس جنگ میں فوج کے ساتھ ہیں۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ ان کی جماعت نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور اس ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا نجی شعبے کیساتھ جھینگا فارم کے قیام کا منصوبہ، 1 ارب 11 کروڑ سرمایہ کاری ہوگی

ڈام میں صوبے کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کا قیام بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کی کاوشوں کی کڑی ہے، وزیراعلیٰ

بلوچستان کی وسیع ساحلی پٹی معاشی ترقی، آبی زراعت اور برآمدات کے فروغ کے لیے نمایاں امکانات رکھتی ہے، سرفراز بگٹی کا خطاب

معاہدے کے تحت نجی شعبہ 1 ارب 11 کروڑ کی سرمایہ کاری کریگا، ابتداء میں 50 ایکڑ اراضی پر تجارتی جھینگا فارم قائم کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان اور ہاؤس آف کاب کنسورشیم کے مابین ڈام میں بلوچستان کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کے قیام کے لیے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کاوشوں سے طے پانے والے اس معاہدے کو صوبے میں نجی سرمایہ کاری، ساحلی معیشت ..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری اخراجات کی آڈٹ رپورٹ بلوچستان اسمبلی میں پیش

رپورٹ میں 37 ارب سے زائد کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی

رپورٹ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سپرد، کمیٹی پیراز کی تحقیقات کرے گی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان حکومت کی مالی سال 2024-25 کے اخراجات کی آڈٹ رپورٹ اسمبلی میں پیش کر دی گئی۔ آڈٹ رپورٹ میں ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

26 نومبر احتجاج، علیمہ خان پر درج مقدمے کا فیصلہ چوتھی مرتبہ موخر

اس سے قبل اے ٹی سی راولپنڈی نے مقدمے کا فیصلہ 22 ستمبر کو محفوظ کیا تھا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین: سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک

ہلاک ہونیوالے دونوں دہشتگرد کوئٹہ تفتان شاہراہ پر مسافروں کو ہراساں کرنے اور مال بردار گاڑیوں کو جلانے میں ملوث تھے

سیکورٹی فورسز کی جانب سے خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی دالبندین کے علاقے کلی سردار ہاشم میں عمل میں لائی گئی، ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز نے دالبندین میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کوئٹہ تفتان شاہراہ پر مسافروں کو ہراساں کرنے اور خوف و ہراس پھیلانے، مال بردار گاڑیوں کو جلانے میں ملوث 2 دہشتگردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کر لیا، سیکورٹی ذرائع ..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اداروں کو سابق ایڈووکیٹ جنرل کی گرفتاری سے روک دیا گیا

پشاور ہائیکورٹ کا متعلقہ حکام کو نوٹس جاری، جواب طلب کر لیا گیا

پشاور (م ڈ) پشاور ہائیکورٹ نے سابق ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا شاہ فیصل اتمانخیل کو تھری ایم پی او کے تحت گرفتار اور ہراساں کرنے سے قانون نافذ کرنے والے ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ میں گورنر راج و ایمرجنسی کیخلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کیں، وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا

دہشتگردی کو بنیاد بنا کر حکومت کیخلاف کارروائی امتیازی سلوک ہے، ماضی میں دہشتگردی کے باوجود ایسا اقدام نہیں کیا گیا، درخواست گزار

پشاور (م ڈ) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستیں سماعت کیلئے منظور کر لیں۔ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں، درخواستوں میں ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی آئینی و قانونی کردار نبھائے تو سوچا جا سکتا ہے، رانا ثنا

اپوزیشن کو اپنے رویوں سے نقصان، افسوس ہے کہ بانی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا

سب کے علم میں ہے کہ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا مافیا کس قسم کی گفتگو کرتا رہا ہے، گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان جب وزیراعظم تھے تو انہوں نے اپوزیشن لیڈر کو فون تک نہیں کیا، موجودہ وزیراعظم جب بھی ایوان آتے ہیں، اپوزیشن لیڈر سے ہاتھ ملاتے ہیں، اپوزیشن کے ..... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر صادق عمرانی، میر ظہور بلیدی، علی مدد جتک و دیگر اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

آفریدی دور میں دہشتگرد حملوں میں 1149 شہادتیں ہوئیں

شہداء میں 550 اہلکار شامل، دہشتگردی کے 3767 واقعات ہوئے

زخمیوں میں 1704 سیکورٹی اہلکار اور 891 شہری شامل، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایک سرکاری رپورٹ کے مطابق، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی حکومت میں خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے 3767 واقعات پیش آئے، جن میں 550 اہلکاروں اور 599 شہریوں سمیت 1149 افراد شہید اور 2595 زخمی ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

نقاب پوشوں نے نواز شریف کی گاڑی کے شیشے توڑ دیے

لندن پولیس نے واقعہ کی سی سی ٹی وی ویڈیو تحویل میں لے لی

لندن (م ڈ) لندن میں ایون فیلڈ کے باہر دو نقاب پوش افراد نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی گاڑی کے شیشے توڑ دیے۔ پولیس نے واقعہ کی سی سی ٹی وی ویڈیو تحویل میں لے لی۔ نواز شریف کی گاڑیوں کے ساتھ یہ تیسرا واقعہ پیش آیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ پشاور میں اسکول ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ اجلاس ارکین کی عدم دلچسپی کے باعث ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس کو اراکین عدم دلچسپی کے باعث 19 اکتوبر کی شام 4 بجے تک ملتوی کر دیا گیا، اجلاس میں معمول کی کارروائی بھی مکمل نہ ہو سکی۔ سینیٹ میں سوالات کرنے والے زیادہ تر ارکان موجود نہیں تھے جس پر پریزائیڈنگ افسر شہادت اعوان نے اب تک کے تمام سوالات موخر کر دیئے۔

لانگ مارچ روکنا تھا رک گیا، اب چیزیں واپس ہونی چاہئیں، بیرسٹر گوہر

آئین کے مطابق گورنر راج زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک رہ سکتا ہے، گورنر راج اور ایمرجنسی کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا ہے

معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں لے بھی جائیں گے، گورنر راج اور ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں، ریلیف ملنا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ آئین کے مطابق گورنر راج زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک رہ سکتا ہے، لانگ مارچ روکنا تھا روک دیا گیا اب چیزیں واپس ہونی چاہئیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں اضافے کی جانب گامزن

ڈیزل کے ذخائر جاری کرنے کے فیصلے کے بعد منافع مارجن میں کمی

اسلام آباد (م ڈ) عالمی منڈی میں جمعے کے روز خام تیل کی قیمتیں مستحکم رہیں اور مشرق وسطیٰ سے رسد کے بارے میں غیر یقینی صورت حال اور امریکا میں خام تیل کے ذخائر میں توقعات سے زیادہ کمی کے باعث ہفتہ وار اضافے کی جانب گامزن رہیں، جبکہ عالمی توانائی ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

گیس، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن

سمنگلی باچا آغا میں

گیس، بجلی نہ ہونے کے باوجود عوام کو بھاری بل بھجوائے جا رہے ہیں غریب عوام جمع کرنے کی استعداد نہیں رکھتے

گیس پریشر میں کمی، بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (آن لائن) سماجی رہنما سید محمد ناصر آغا شکرزئی نے کہا ہے کہ سمنگلی میں باچا آغا میں گیس اور بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جس کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جاری بیان میں کہا ہے کہ بجلی کی غیر اعلانیہ 16 گھنٹے سے زائد طویل لوڈشیڈنگ اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ نے صارفین کا جینا حرام کر رکھا ہے جس کی وجہ سے اہل علاقہ کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ گیس پریشر میں کمی اور بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے گیس اور بجلی نہ ہونے کے باعث عوام کو بھاری بل بھجوائے جا رہے ہیں جنہیں جمع کرنے کی وہ استعداد نہیں رکھتے ہیں۔ ہم حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ گیس اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور بھاری بل بھجوانے کا نوٹس لیکر اہل علاقہ کی مشکلات کے ازالے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ بصورت دیگر اہل علاقہ گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف شدید احتجاج کرے گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں کے حکام پر عائد ہوگی۔

عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

آٹے کی قیمتوں میں خودساختہ اضافہ اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا معاشی قتل بند، ملازمین کو بحال کیا جائے، جمعیت نظریاتی

ملازمین کو روزگار سے محروم کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل تشویش اقدام ہے، عبدالستار شاہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی نے 92 نیوز کا کوئٹہ بیورو کے 9 ملازمین کو فارغ کرنیکی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے صحافیوں نے اپنے جان کے قربانیاں دیکر نجی ٹی وی چینلز کیلئے خدمات انجام دیں لیکن ان شہداء صحافیوں کے شہادتوں کیبان چینلز نے ان صحافیوں کے خاندانوں کے مستقل بنیادوں پر کوئی مدد نہیں کی اور قومی اخبارات سے لیکر نجی ٹی وی چینلز تک جان پر رکھ کر اپنے چینلز کیلئے خبروں کے تگ و دو میں قربان ہوگئے ان بچوں کے کئے خبر تک نہیں لیا۔ قومی اخبارات و چینلز بلوچستان کے صحافیوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا گیا اور جن صحافیوں نے عمر بھر ان اداروں کے خدمت کی اور عمر کے طویل عرصہ ان اداروں کے خدمت یا انکے کاروباری بلٹس بڑھ جانے میں مدد کی انہیں دھڑا دھڑ اپنے اداروں سے نکال دیا جو انکے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ تمام ان صحافیوں اور میڈیا ملازمین کا معاشی قتل بند اور فارغ کیے گئے ملازمین کو بحال کیا جائے میڈیا اداروں کی انتظامیہ ملازمین کے معاشی مستقبل سے کھیلنے کے بجائے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کے بچوں کے مستقبل کا خیال رکھیں۔ انھوں نے 92 نیوز چینل اور روزنامہ زمانہ کی انتظامیہ کی جانب سے کوئٹہ بیورو کے 9 ملازمین کو ادارے سے فارغ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافیوں اور میڈیا ملازمین کو روزگار سے محروم کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل تشویش اقدام ہے۔ جس سے نہ صرف متاثرہ ملازمین بلکہ ان کے خاندانوں کو بھی شدید معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی این اے 25 چمن کراچی قومی شاہراہ کے تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں اور انکے حل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس ایم بی آر کا ریونیو ریکارڈ سے متعلق فیصلہ خوش آئند ہے، ملک اسلم بازئی

حلیم زئی خرگ سیٹلمنٹ میں غلطیوں کی تصحیح سے تحفظات کا ازالہ ہوگا، مشترکہ بیان

کوئٹہ (پ ر) قبائلی و سماجی رہنماؤں اور زمینداران ملک محمد اسلم بازئی، محمد یوسف بازئی، ملک عبدالقیوم بازئی، ملک عبدالسلام بازئی، جعفر اللہ بازئی، عبدالواسع، شفیق الرحمان، عتیق اللہ شمس اللہ شیر محمد نور علی نے موضع حلیم زئی کی سیٹلمنٹ سے متعلق سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کے فیصلے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بورڈ آف ریونیو نے حقائق، قانون اور میرٹ کی بنیاد پر فیصلہ کیا ہے جس پر آغبرگ کے عوام میں خوشی اور اطمینان پایا جاتا ہے اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موضع حلیم زئی (آغبرگ) کے ریونیو ریکارڈ سے متعلق پٹیشن کی سماعت کے دوران پٹیشنرز کے وکیل ایڈووکیٹ باسط ترین نے موثر انداز میں اپنے دلائل پیش کیے۔ جس پر معاملہ غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لئے انکوائری کمیٹی کے سپرد ہوا۔ انکوائری آفیسر نے تمام ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اپنی جامع رپورٹ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کو پیش کی۔ جس کے بعد ایس ایم بی آر نے موضع حلیم زئی میں سیٹلمنٹ کے دوران ہونے والی غلطیوں کی کریکشن کا حکم جاری کیا جس پر ہم ان کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں

پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ قابل تشویش ہے، پشتونخوا نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں پشاور کے علاقے وزیر کالونی میں نجی تعلیمی ادارے النجیر ایجوکیشن سسٹم کی چھت گرنے کے المناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تعلیمی ادارے میں پیش آنے والا یہ دلخراش حادثہ نہایت افسوسناک اور قابل تشویش ہے، جس میں معصوم بچوں سمیت متعدد قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسکول کی چھت گرنے کے نتیجے میں بچوں اور اساتذہ کا ملبے تلے دب جانا ایک انتہائی دردناک سانحہ ہے۔ اس افسوسناک واقعے نے متاثرہ خاندانوں کو ناقابل تلافی صدمے سے دوچار کیا ہے۔ ایسے حادثات تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی تعمیر، حفاظت اور دیکھ بھال کے حوالے سے موثر اقدامات کی ضرورت کو مزید اجاگر کرتے ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس المناک حادثے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، حادثے کی وجوہات اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور غفلت یا حفاظتی انتظامات میں کوتاہی ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی فنی جانچ پڑتال یقینی بنائی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کی جا سکے اور بچوں کی زندگیوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔

چمن پسنجر ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے، اے کیو ایم

ٹرین گزشتہ چھ مہینوں سے تیل کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر بند کیا گیا تھا

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ چمن پسنجر ٹرین کی طویل عرصے سے معطلی معاشی بدحالی کا منہ بولتا ثبوت ہے حکمران اچھے طرز حکمرانی اور ملک میں معاشی بہتری کے دعوے کرتے نہیں تھکتے دوسری طرف دور دراز سے چھوٹے والی کوئٹہ چمن ٹرین کو بھی پورا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے چمن پسنجر ٹرین گزشتہ چھ مہینوں سے تیل کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر بند کیا گیا تھا جو تاحال یہ سلسلہ معطل ہے تیل کی مد میں حکومت بھاری ٹیکس بھی وصول کر رہی ہے تو تاحال معطلی کی کوئی جواز نہیں بنتی دوسری طرف کوئٹہ سے چمن تک تمام اسٹیشنوں پر مسافر ٹکٹ لے کر سفر کرتے ہیں ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اس لئے ٹرین کو روزانہ کی بنیاد پر چلانے کے احکامات جاری کئے جائیں کوئٹہ سے لیکر چمن تک 145 کلومیٹر کے سفر میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ سفر کرتے ہیں جو عوام کے لیے ایک آسان پر سکون اور محفوظ ذریعہ آمد و رفت ہے گزشتہ چند دنوں سے ٹرین کی بندش سے عوام محفوظ اور آسان سفر سے محروم ہیں واضح رہے کہ ضلع قلعہ عبداللہ کے سرحدی شہر چمن سے پسنجر ٹرین کوئٹہ سے روانہ ہو کر کئی اہم ریلوے اسٹیشنوں سے گزرتے ہوئے چمن آتی ہے، ہر ریلوے اسٹیشن پر سینکڑوں مسافر اترتے اور چڑھتے ہیں۔

بی اے پی بلوچستان کی چیئرپرسن گرین بلوچ نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے 80ویں بورڈ اجلاس میں اظہار خیال کر رہی ہیں

کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی

ریڑھی بانوں کو باقاعدہ قطاروں میں کھڑا اور ان نمبر الاٹ کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات کی روشنی میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں زمیندار روڈ، قمرانی روڈ، بشیر چوک اور سریاب روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران مختلف زونز کے انچارجز سرور زہری اور قاسم خان نے ٹریفک عملے کے ہمراہ ریڑھی بانوں کو منظم انداز میں کھڑا کرنے کے اقدامات کیے۔ ریڑھی بانوں کو باقاعدہ قطاروں میں کھڑا کیا گیا اور ان کی ریڑھیوں کو نمبر الاٹ کیے گئے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی ہدایات کے مطابق شہر میں تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کی سہولت کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔ ریڑھی بانوں کو بھی ہدایت کی گئی کہ وہ مقررہ ترتیب کے مطابق اپنی ریڑھیاں کھڑی کریں اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ پیدا کرنے سے گریز کریں۔

نجی سکولز کی خودمختار حیثیت پر کوئی کمپرومائز نہیں، نذر بڑیچ

نجی سکولز مالکان کو اپنی خودمختار حیثیت کی بحالی کے لیے کام کرنا ہوگا، بیان

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی صدر نذر بڑیچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ ویسٹ کے مولود ڈپٹی کمشنر نے گزشتہ ماہ نجی سکولز کے خلاف ڈبل فیس کے معاملے میں میڈیا پر اتنا اچھالا کہ خود والدین کو موقع دیا کہ وہ سکولز کے خلاف منفی طرز عمل اپنائے۔ اس مسئلے پر صرف ڈپٹی کمشنر کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ اگلے روز محکمہ تعلیم کے افسران نے بھی بریف کیا اور نجی سکولز کے ... کرنا پڑا۔ اگرچہ ڈپٹی کمشنر کا نجی سکولز کے رجسٹریشن یا ریگولیشن سے کوئی کام نہیں نہ ہی رجسٹریشن اتھارٹی کا اختیار ڈی سی کے پاس انتظامی امور سے متعلق ذمہ داری اور اختیار ہے۔ کھلی کچہری میں کسی نے شکایت کی اور ڈی سی ایکشن میں آیا۔ حالانکہ ریگولیٹری اتھارٹی ایکٹ میں صرف انتظامی امور سے متعلق اختیار رکھتے ہیں۔ اس کے بعد نجی سکولز مالکان نے بات کو سوشل ... زیادہ وہ افسران بھی ہیں جنہوں نے ڈپٹی کمشنر کو غلط بریف کیا اور ان کو مزید بند گلی میں لے جانے کی کوشش۔ نجی سکولز مالکان کو اپنی خودمختار حیثیت کی بحالی کے لیے کام کرنا ہوگا۔ خدارا نجی سکولز مالکان اتھارٹی کی بجائے اپنی خودمختاری اور مالکانہ حقوق اور اختیار کے لیے آواز بلند کریں۔ نجی سکولز کی خودمختار حیثیت پر کوئی کمپرومائز نہیں۔

کلی عالم خان میں گیس پریشر کی کمی، شہری پریشان

بلوں کی ادائیگی کے باوجود شہری لکڑی، بھوسے اور ایل پی جی سلنڈروں استعمال کرنے پر مجبور

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں کا گیس پریشر بحال کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں محمد کریم خان اچکزئی، اشرف خان صوفی، علاؤالدین صدیق اللہ، رحیم خان، انعام الدین، اورنگزیب اور دیگر نے کہا ہے کہ کلی عالم خان اور اس کے ملحقہ علاقوں کے عوام گیس پریشر کی شدید کمی کے باعث سخت مشکلات کا شکار ہیں۔ علاقہ مکین باقاعدگی سے گیس کے بل ادا کرنے کے باوجود کھانا پکانے اور گھریلو ضروریات پوری کرنے کے لیے ایل پی جی گیس سلنڈر، لکڑی، بھوسہ اور دیگر متبادل ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں، جو نہایت افسوسناک صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچکزئی روڈ، پشتون ورہ، حکیم اللہ محلہ، کاسی محلہ اور گرلز ہائی اسکول روڈ سمیت مختلف علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے، جس کے باعث عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے اور وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ رہنماؤں نے متعلقہ حکام بالا سے پرزور اپیل کی کہ متاثرہ علاقوں میں گیس پریشر کی فوری بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور علاقہ مکینوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گیس پریشر کی کمی کے باعث طلبہ، مدارس کے بچوں، محنت کشوں اور سرکاری و نجی ملازمین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

پولیس میں بھرتی کا عمل میرٹ اور ضابطہ کار کے تحت جاری ہے، شہزاد اکبر

زیارت میں 98 امیدواروں نے کاغذات جمع کرائے، جانچ پڑتال قد و چھاتی پیمائش میں 77 امیدوار کامیاب ہوئے

تیسرے مرحلے میں دوڑ، چوتھے میں تحریری امتحان، آخری مرحلے میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویو لیے جائیں گے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ویسٹ اخلاق احمد ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اے ڈی سی کوئٹہ ویسٹ کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

افسران کا مراکز صحت کی صورتحال اور درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ

عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات سے متعلق رپورٹس پیش کی گئیں

... منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی، ڈرگ کنٹرولر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے تمام بنیادی مراکز صحت (BHU) اور رورل ہیلتھ سینٹرز (RHC) میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور دیگر طبی سہولیات سے متعلق رپورٹس پیش کی گئیں۔ متعلقہ افسران نے مراکز صحت کی صورتحال اور درپیش مسائل ... خصوصاً غیر رجسٹرڈ ادویات اور کھلے دودھ کے خلاف اقدامات، ضبط شدہ دودھ اور دیگر کارروائیوں سے متعلق تفصیلات پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ویسٹ اخلاق احمد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام مراکز صحت میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

حاجی اسماعیل اللہ وفات پاگئے

محمد صدیق انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) محمد صدیق انتقال کر گئے ... مرحوم غلام سرور، محمد انور کے بھائی محمد خالد، محمد عابد مرحوم محمد امجد، محمد حنیف، محمد جمشید، دارا محمد بلال، محمد جمال، لیاقت علی اور ساجد محمود کے والد تھے فاتحہ خوانی توحیدی مسجد کوچہ شیر محمد روڈ کوئٹہ میں جاری ہے

پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ سیاسی و جمہوری جماعت ہے، میر ریاض

عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہرممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، گفتگو

... ہے اور عوام کے حقوق کے لئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز بلند کی اور کبھی بھی عوام کے حقوق پر سودا بازی نہیں کی یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے۔ ... اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں گے اور پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان بھر میں مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ میر ریاض شاہوانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے قیام سے لیکر آج تک عوام کی بلارنگ و نسل خدمت کی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے باعث شہید ہونے والے طلباء کے ایصال ثواب کے لئے دعا کر رہے ہیں

یونیورسٹی آف لورالائی میں آفاق تعلیمی ایکسپو 2026ء کا شاندار انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) یونیورسٹی آف لورالائی میں آفاق (AFAQ) تعلیمی ایکسپو 2026ء کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں 37 تعلیمی اداروں کے تقریباً 1100 طلبہ و طالبات نے شرکت کی۔ ...

حاجی گل محمد انتقال کر گئے

سید اسرار احمد اسلام آباد میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے

... خاک کے سپرد کر دیا گیا فاتحہ خوانی کلی کربلا میں جاری ہے وہ عبداللہ آغا کے صاحبزادے نعمت اللہ آغا شاہ اللہ آغا کے بھتیجے تھے

کوئٹہ، ایس ایس پی ٹریفک دوستین دشتی صحافی فرید اللہ کو ڈرائیونگ لائسنس دے رہے ہیں

محمد آصف کاسی کا اپنی والدہ مورگئی کے فن پاروں کی نمائش کا اہتمام

بچپن سے یہ کام کر رہی تھیں لیکن کبھی اسے دنیا کے سامنے لانے کا موقع نہیں ملا

پشتو اکیڈمی میں نمائش میں رکھے گئے یہ فن پارے عام کشیدہ کاری سے مختلف ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کی رہائشی 60 سالہ مورگئی نے زندگی کا بیشتر حصہ ایک گھریلو خاتون کے طور پر گزارا۔ گھر کے کاموں سے وقت ملتا تو وہ سوئی، دھاگے اور اون سے خوبصورت چیزیں اور فن پارے بناتیں۔ اگرچہ وہ بچپن سے یہ کام کر رہی تھیں مگر کبھی اسے دنیا کے سامنے لانے کا موقع نہیں ملا۔ اب پہلی بار ان کے بیٹے محمد آصف کاسی نے دہائیوں سے گھر میں چھپے رہنے والے اپنی والدہ کے ہنر کی نمائش کا اہتمام کیا ہے۔ کوئٹہ کی پشتو اکیڈمی میں نمائش میں رکھے گئے یہ فن پارے عام کشیدہ کاری سے مختلف ہیں۔ رنگ برنگے اون سے بنے یہ کام دور سے دیکھنے پر پینٹنگ لگتے ہیں۔ ان میں گاؤں کی زندگی، پشتون اور بلوچ ثقافت، خانہ بدوشوں کا طرز زندگی اور فطرت کے رنگ نظر آتے ہیں۔ مورگئی نے کبھی کسی آرٹ سکول یا ادارے سے تعلیم حاصل نہیں کی۔ ان کے مطابق انہوں نے صرف بنیادی کشیدہ کاری سیکھی تھی۔ فن پارے بنانا، ڈیزائن تیار کرنا اور مناظر کو دھاگوں میں ڈھالنا انہوں نے خود سیکھا۔ وہ کہتی ہیں مجھے بچپن سے سوئی دھاگے کے کام کا شوق تھا۔ میں گھر کے کاموں سے فارغ ہو کر سوئی دھاگہ لے کر بیٹھ جاتی تھی۔

کوئٹہ ٹریفک پولیس غلط پارکنگ پر کارروائی کر رہی ہے

والدین کی خدمت دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے، مفتی محمد اسماعیل

... والدین اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہیں، جن کی قدر کرنا، ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا اور ان کی ضروریات کا خیال رکھنا ہر اولاد کی دینی، اخلاقی اور معاشرتی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیراہتمام گزشتہ روز نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب ... خدمت اور ان کے ساتھ ادب و احترام سے پیش آنا اسلامی تعلیمات کا بنیادی حصہ ہے۔ قرآن و سنت میں والدین کے حقوق پر خصوصی زور دیا گیا ہے، لہٰذا اولاد کو چاہیے کہ وہ اپنے والدین سے نرمی، محبت اور احترام کے ساتھ بات کرے، ان کی جائز ضروریات پوری کرے اور بڑھاپے میں ان کا خصوصی خیال رکھے۔

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District Kech (Turbat) invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2026, Government of Balochistan (G.O.B) amended up to-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2027, for the work listed below: - **Earnest Money 2% and Time limit 12 Months The Tender Fee Rs: 1000/- Deposited in shape of Green Chall in Head of account (02716)**

S.No	Name of Work	E/Cost
1.	CONSTRUCTION OF GRAVEYARD BOUNDARY WALL AT MAZARI KAHN TURBAT DISTRICT KECH **TSE-2627101209613**	9,941,258

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Assignments of One Similar Nature and Complexity Turnover of at least 500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Taxpayer List The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Submission of the required Bidding document Fee Balochistan Revenue Authority Registration is required Registration with Pakistan Engineering Council C-6 **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 2nd **November** 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted at the latest by 2nd **November,2026** till **12:00 PM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Office of Executive Engineer-Building CWPP&H Department Turbat.

Phone no: 0852413280

Email: executiveengineer21kech@gmail.com

Executive Engineer Buildings CW, PP&H Department District, Kech

DPRQ/PRQ No.1924/16-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101209701

The Balochistan Public Private Partnership Authority invites bids from eligible Bidders for supply of following Goods

S.No.	Description	Bid Security
1	Supply of Laptops, Desktop and toner to BPPPA Office	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders** Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 2 Years Turnover of at least 3,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List and Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **02 November,2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **02 November,2026** till **11:15 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **11:30 AM Address:** House No. 49A, street No.1, Jinnah Town, Samungli Road Quetta

Phone no: 081-2503098 Email: ahsanullah@bpppa.gob.pk

Director Procurement (BPPPA)

DAB/AB No.441/16-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 146/26 درخواست کنندی وسیم احمد ولد علی احمد پتہ کلی اسماعیل خیر محمد نزد شہید مسجد کوئٹہ بنام (۱) بی بی سعیدہ ولد سعید احمد پتہ رئیسانی ٹاون بروری روڈ کوئٹہ (۲) عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت 24-10-26 مقرر ہوچکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اشتہار ہذا آج بمورخہ 12-10-26 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی جج IV کوئٹہ

بعدالت جناب سول جج صاحب IV کوئٹہ

مثل نمبر 532/25 فضل محمد ولد محمد حسن سکنہ عبدالودود روڈ خان بارخ کوئٹہ بنام نادرا و غیرہ (۲) بی بی جمیلہ بذریعہ نادرا کوئٹہ دیوانی اشتہار بنام مدعا علیہ نمبر 2 بی بی جمیلہ بذریعہ نادرا آفس کوئٹہ واضح ہو کہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 27-10-26 مقرر ہوگئی ہے مقدمہ ہذا متعدد بار تم کو نوٹس بھیجے گئے ہے نوٹس لینے سے تم دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں ہو لہذا بذریعہ اشتہار تم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر پیروی کرے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج بتاریخ 15-10-26 بدستخط میرے مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سول جج IV کوئٹہ

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

پاکستان کا عالمی بینک کی ضمانتوں کے ذریعے ڈیڑھ ارب ڈالر کی مالی معاونت حاصل کرنے پر غور

عالمی بینک گروپ کی ضمانتوں کے ذریعے مالی معاونت حاصل کرنے کیلئے کوششیں تیز، طویل مدتی قرضوں کے حصول کیلئے مذاکرات جاری

پاکستان کی عالمی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی، پانڈا بانڈز سمیت مزید بانڈز کے اجرا پر غور، معاشی استحکام اور خودمختار کریڈٹ ریٹنگ بہتر بنانے کی کوششیں تیز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان بیرونی مالی معاونت کے ذرائع میں تنوع لانے کی حکومتی کوششوں کے تحت عالمی بینک گروپ کی ضمانتوں کے ذریعے تقریباً ڈیڑھ ارب ڈالر کی مالی معاونت حاصل کرنے کے انتظام پر غور کررہا ہے اور اس سلسلے میں بات چیت جاری ہے۔ یہ پیش رفت تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور مالیاتی مشاورتی ادارے لازارڈ اینڈ مارسل کے درمیان ملاقات کے دوران سامنے آئی۔ ملاقات میں عالمی بینک گروپ کی ضمانتوں کے ذریعے طویل مدتی مالی معاونت کے حصول پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے بیان کے مطابق وزیر خزانہ نے عالمی بینک کی پالیسی پر مبنی ضمانت کو کثیر الجہتی سرمایہ کاری ضمانتی ایجنسی (میگا) کی کوریج کے ساتھ منسلک کرنے کی تجویز کا خیر مقدم کیا، تاکہ مسابقتی شرحوں پر مالی معاونت حاصل کی جاسکے۔ اس انتظام کے تحت تقریباً ڈیڑھ ارب ڈالر کی مالی معاونت کا ہدف تجویز کیا گیا ہے، تاہم اس کا انحصار ضمانتوں کی دستیاب حد اور لین دین کی ساخت پر ہوگا۔ مذاکرات میں عالمی بینک کے وسائل سے فائدہ اٹھانے، بجٹ معاونت کو ضمانتوں کے ساتھ منسلک کرنے اور سرمایہ کاروں کی شمولیت بڑھانے کے امور زیر غور آئے۔ محمد اورنگزیب نے نئے فریم ورک پر مذاکرات کے باعث ممکنہ تاخیر سے بچنے کے لیے موجودہ ترقیاتی پالیسی آپریشن (ڈی پی او) کو استعمال کرنے پر زور دیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عالمی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی حاصل ہوچکی ہے اور پانڈا بانڈز سمیت مزید بانڈز جاری کرنے کے منصوبے بھی زیر غور ہیں۔ انہوں نے اخراجات پر قابو رکھنے، درمیانی مدت کی مالیاتی حکمت عملی سے ہم آہنگی اور سازگار مارکیٹ حالات سے فائدہ اٹھانے کی تیاری کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں فریقوں نے خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سے متعلق مشاورتی معاونت، پالیسیوں میں تسلسل اور معاشی استحکام مضبوط بنانے پر بھی تبادلہ خیال کیا، تاکہ پاکستان کو بی بی ریٹنگ کے درجے تک پہنچانے میں مدد مل سکے۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ آئندہ رابطہ کاری قرضوں کے انتظام کے دفتر اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ذریعے کی جائے گی، جبکہ لازارڈ نے اپنی سفارشات پر مشتمل ایک مختصر نوٹ پیش کرنے کی تجویز دی۔

چمکنگ مسلح شخص کی فائرنگ سے راہگیر بچہ زخمی، ملزم کی تلاش جاری

ڈیجیٹل میڈیا اور ای کامرس کے استعمال سے سیاحت کو فروغ دیا جاسکتا ہے، ڈائریکٹر ٹورازم

گوادر یوتھ ٹورزم سمٹ، سیاحت کے فروغ، مقامی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا

ساحل، ثقافت اور سمندری ورثہ سیاحت کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں، نوجوان بھرپور فائدہ اٹھائیں، مقررین

ایف آئی اے اسلام آباد کی غیر قانونی ویزا ایجنٹس کیخلاف کارروائیاں، 190 گرفتار

چار ماہ میں 190 ملزمان گرفتار، 61 کروڑ 55 لاکھ روپے سے زائد برآمد، 1543 مقدمات درج

انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ویزا ایجنٹس کے خلاف اقدامات تیز کردیے گئے ہیں، ڈائریکٹر ایف آئی اے

قلعہ عبداللہ کو امن و ترقی کا گہوارہ بنائیں گے، زمرک اچکزئی

عوامی مسائل کا حل، بنیادی حقوق کا تحفظ اور ضلع قلعہ عبداللہ کی ترقی ہماری اولین ترجیحات ہیں، عوامی مسائل اسمبلی فلور پر اٹھائے ہیں، رکن اسمبلی

مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے، محروم طبقات کی آواز ایوانوں تک پہنچانا عوامی نیشنل پارٹی کی سیاست کا محور ہے، پارلیمانی لیڈر عوامی نیشنل پارٹی

بلوچستان کی خواتین ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں، سلمیٰ سلیم

خواتین کسی مشکل میں بلاجھجک وومن پولیس اسٹیشن جا کر فوری مدد حاصل کرسکتی ہیں، اے ایس پی

بلوچستان میں خواتین کو قدر و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، پہلی پوسٹنگ پر کوئٹہ آئی ہوں، میڈیا سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی، ڈی او ایل کی مدعیت میں ایجوکیشن افسران خلاف مقدمہ درج

غلام رسول رند نے دھمکانے اور ہراساں کرنے سمیت دیگر الزامات عائد کیے ہیں

کوئٹہ: اے این پی کے مرکزی رہنما انجینئر زمرک خان اچکزئی سے عصمت اللہ کاکڑ حبیب زئی نے ملاقات کررہے ہیں

ستمبر 2026 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 35 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گیا

درآمدات میں 23 فیصد سے زائد اضافہ، برآمدات میں 15 فیصد اور ترسیلات زر میں 13 فیصد اضافہ، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ مزید وسیع ہوگیا

کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 87 کروڑ 40 لاکھ ڈالر تک پہنچ گیا، گزشتہ سال کے مقابلے میں 16 فیصد اضافہ اسٹیٹ بینک نے رپورٹ جاری کردی

گوادر زیرو پوائنٹ پر مسافر کوچ اور ٹرالر میں تصادم، 3 افراد شدید زخمی

اور ٹیکنگ کی کوشش حادثے کا سبب بنی، ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہے، پولیس

ڈی سی کوئٹہ مہر اللہ بادینی کو متعلقہ آفیسران صاحبزادہ کاریز ... کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دے رہے ہیں

رہنما اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ تعلیم اور تحقیق محض ڈگری کے حصول تک محدود نہیں ہونی چاہیے۔

راولپنڈی میں ٹریفک قوانین کی 17 فیصد خلاف ورزیاں ریکارڈ، ڈیجیٹل مانیٹرنگ شروع

اولڈ ایئرپورٹ روڈ پر 8 گھنٹے میں 47 ہزار 896 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں گزریں، ڈیجیٹل سروے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس نے ٹریفک قوانین کیخلاف ورزیوں اور انکے ممکن حل کیلئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ سروے کا آغاز کردیا۔ ڈیجیٹل سروے کے مطابق اولڈ ایئر پورٹ روڈ پر 8 گھنٹے میں 47 ہزار 896 گاڑیاں و موٹر سائیکلیں گزریں۔ جن میں 28 ہزار 282 گاڑیاں اور 19 ہزار 616 موٹر سائیکلیں شامل ہیں۔ ڈیجیٹل مانیٹرنگ سروے کے دوران اولڈ ایئر پورٹ روڈ پر 8 گھنٹے کے دوران 9 فیصد گاڑیوں کی لین وائلیشن اور 2 فیصد موٹر سائیکلوں کی ون وے کیخلاف ورزی ریکارڈ کی گئی 94 فیصد موٹر سائیکل سواروں نے ہیلمٹ اور 91 فیصد گاڑیوں نے سیٹ بیلٹ کا استعمال کیا۔ ڈیجیٹل مانیٹرنگ سروے کے دوران اولڈ ایئر پورٹ روڈ پر مجموعی طور پر 17 فیصد ٹریفک قوانین کیخلاف ورزیاں نوٹ کی گئیں۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ ہر سرکل و سیکٹر میں روزانہ کی بنیاد پر ڈیجیٹل ڈیٹا اکٹھا کیا جائے گا۔ ڈیجیٹل سروے کا مقصد زمینی حقائق کے مطابق ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کا جائزہ لینا، شہریوں کو محفوظ سفر فراہم کرنے کیساتھ ٹریول ٹائم میں بہتری لانے کیساتھ شاہراہوں کو روڈ حادثات سے پاک کرنا ہے۔

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور بہتر پولیس خدمات ترجیح ہیں، محمد سہیل چوہدری

سینئر پولیس افسران کے اجلاس میں، انسداد جرائم اور سکیورٹی انتظامات بہتر بنانے کے احکامات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سینئر افسران کا اجلاس۔ آئی جی اسلام آباد نے نئے تھانہ جات کی تعمیر، انسداد جرائم، سکیورٹی اور عوامی سہولیات کا جائزہ لیا اور مزید بہتری کے لیے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، پولیس کی آپریشنل تیاری، سکیورٹی انتظامات اور شہریوں کو بہتر پولیس خدمات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران پولیس کی مجموعی کارکردگی، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور افسران کو تفویض کردہ ٹاسکس پر عمل درآمدگی رپورٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ تمام افسران اپنے متعلقہ اہداف مقررہ وقت میں مکمل کریں، کارکردگی کو مزید موثر بنائیں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ، پولیس خدمات تک آسان رسائی اور عوامی سہولیات کی بہتری کو ترجیح دی جائے انہوں نے پولیس افسران و اہلکاروں کی فلاح و بہبود کو بھی اہم ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے جائز مسائل کے حل اور بہتر دفتری و پیشہ ورانہ سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

کوئٹہ: منصور فاؤنڈیشن کے سربراہ حسن اچکزئی کی جانب سے زکوٰۃ مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

غذائی قلت کا خاتمہ صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے، ربابہ بلیدی

خواتین اور بچوں کو معیاری غذا کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، خوراک کا ضیاع روکنا بڑا چیلنج ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں

ضرورت مندوں کی مدد مشترکہ ذمہ داری ہے، قلت کے خاتمے کیلئے حکومتی اداروں، شراکت داروں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی

کوئٹہ (خ ن) مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی (ستارہ امتیاز) کا عالمی یوم خوراک پر پیغام خوراک کا تحفظ، غذائیت سے بھرپور غذا تک ہر شہری کی رسائی اور غذائی قلت کا خاتمہ ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین اور بچوں کو متوازن اور معیاری غذا کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں غذائی تحفظ صرف خوراک کی دستیابی کا نام نہیں بلکہ ہر فرد کی محفوظ، معیاری اور غذائیت سے بھرپور غذا تک رسائی کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین کی صحت اور غذائیت بہتر بنانا آنے والی نسلوں کی صحت مند نشوونما کے لیے ناگزیر ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ماں اور بچے کی مناسب غذائیت ایک صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین میں غذائیت سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور انہیں صحت مند خوراک کے انتخاب کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے کے لیے حکومتی اداروں، سول سوسائٹی اور متعلقہ شراکت داروں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی عالمی یوم خوراک 2026 کا عنوان "آج جدت، کل غذائیت" جدید، موثر اور پائیدار غذائی و زرعی نظام کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں موسمیاتی تبدیلی، پانی کی قلت اور غذائی عدم تحفظ جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پائیدار زرعی طریقوں کا فروغ ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خوراک کا ضیاع روکنا اور دستیاب وسائل کو موثر انداز میں استعمال کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے خواتین کو آگاہی، سہولیات اور وسائل تک بہتر رسائی فراہم کرنا ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے متوازن غذا کی فراہمی اور غذائی قلت کی بروقت روک تھام ناگزیر ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں مخیر حضرات اور صاحب استطاعت افراد اپنے اردگرد موجود ضرورت مند خاندانوں کی خوراک کا خیال رکھیں اور بھوک کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی اپیل ہم ایک ایسے معاشرے کے قیام کے لیے پرعزم ہیں جہاں خواتین، بچوں اور ہر ضرورت مند فرد کو مناسب اور غذائیت سے بھرپور خوراک میسر ہو۔

قاہر شیڈ کی تعمیر میں تاخیر، دکاندار شدید مشکلات سے دوچار ہیں، انجمن تاجران

چمن (نمائندہ) قاہر شیڈ کی تعمیر میں تاخیر، دکاندار شدید مشکلات سے دوچار ہیں، انجمن تاجران چمن کے صدر فرید احمد اور تاجر برادری نے کہا ہے کہ قاہر شیڈ کی تعمیر میں تاخیر کے باعث مختلف مارکیٹوں کے دکاندار شدید مشکلات کا شکار ہیں اور تپتی دھوپ میں بیٹھ کر کاروبار کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً دو سے تین سال قبل آگ لگنے کے واقعے نے مارکیٹوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا جس کے باعث دکاندار پہلے ہی بھاری نقصان سے دوچار ہیں۔

کوئٹہ میں 40 روپے میں پاپڑ نما روٹی فروخت کی جا رہی، حکام نوٹس لیں

40 روپے کی روٹی کا وزن 200 گرام سے کم کردیا گیا ہے، شہریوں کا ضلعی انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ میں روٹی کی قیمت اور وزن کی چیکنگ کی جائے، کم وزن روٹی فروخت کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں تندوروں پر فروخت ہونے والی روٹی کے وزن میں مبینہ کمی کی شکایات سامنے آنے لگی ہیں۔ شہریوں کے مطابق 40 روپے میں فروخت ہونے والی روٹی کا وزن 200 گرام تک نہیں ہوتا، جس کے باعث مہنگائی سے پہلے ہی پریشان عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ بعض تندوروں پر روٹی کے پیڑے کا وزن کرنے کے لیے ڈیجیٹل کانٹے استعمال کرنے کے بجائے ہاتھوں کے اندازے سے پیڑے تیار کیے جاتے ہیں، جس کے نتیجے میں روٹی کے وزن میں کمی کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ روٹی کی قیمت کے ساتھ اس کا مقررہ وزن بھی یقینی بنایا جائے تاکہ صارفین کو پوری قیمت کے عوض مقررہ وزن کی روٹی مل سکے شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ کے تمام علاقوں میں تندوروں کی باقاعدہ چیکنگ کی جائے اور روٹی کے وزن اور قیمت کا جائزہ لینے کے لیے موثر نگرانی کا نظام قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تندور مالکان کو پابند کیا جائے کہ وہ اپنی دکانوں پر ڈیجیٹل کانٹے رکھیں اور روٹی کے پیڑے کا وزن کرنے کے بعد روٹی تیار کریں شہریوں نے مزید مطالبہ کیا کہ مقررہ وزن سے کم روٹی فروخت کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور تندوروں پر قیمت اور وزن نمایاں طور پر آویزاں کرنے کو یقینی بنایا جائے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ روٹی کی قیمتوں اور وزن کی نگرانی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ صارفین کے حقوق کا تحفظ ہو اور انہیں مقررہ قیمت کے مطابق پوری وزن کی روٹی میسر آسکے۔

کوئٹہ: اراکین صوبائی اسمبلی حاجی میر زابد علی ریکی، میر لیاقت لہڑی، ملک یاسین مہترزئی اور دیگر پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

اطلاع برائے انٹرویو

بحوالہ اشتہار PRQ 1124 /31-08-2026 محکمہ صحت ضلع مستونگ کے خالی ٹیکنیکل کنٹریکٹ پوسٹوں کیلئے جن امیدواروں نے کاغذات جمع کیے ہیں اس کی انٹرویو مقررہ تاریخوں پر لئے جائینگے تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اصل تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ اور متعلقہ دستاویزات سمیت مقررہ تاریخ اور وقت پر موجود ہو۔

نمبر شمار	نام پوسٹ	سکیل	تعداد	تاریخ انٹرویو
1	ڈیٹا انٹری آپریٹر	BPS -09	01	26 اکتوبر صبح 10:00 بجے
2	لیب ٹیکنیشن	BPS -09	01	26 اکتوبر صبح 10:00 بجے
3	انستھیزیا ٹیکنیشن	BPS -09	01	27 اکتوبر صبح 10:00 بجے
4	آئی ٹیکنیشن	BPS -09	01	27 اکتوبر صبح 10:00 بجے
5	الٹرا ساؤنڈ ٹیکنیشن	BPS -09	01	27 اکتوبر صبح 10:00 بجے
6	وارڈ بوائے	BPS -02	01	28 اکتوبر صبح 10:00 بجے
7	خاکروب	BPS -01	01	28 اکتوبر صبح 10:00 بجے

اہم ہدایت: امیدواران مقررہ تاریخ کو بروقت تشریف لائیں۔ انٹرویو کیلئے جن امیدواران نے کاغذات جمع کیا ہے وہ تشریف لائے۔ امیدواران اپنے ساتھ اصل تعلیمی اسناد تجربہ سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل، شناختی کارڈ اور دیگر مطلوبہ دستاویزات لازمی لائیں۔ بغیر کسی معقول وجہ کے غیر حاضری کی صورت میں امیدوار کی درخواست مسترد کردی جائے گی۔ شارٹ لسٹڈ کینڈیڈیٹس کی لسٹ ہسپتال میں ایک ہفتے کے اندر لگائی جائے گی۔ مقام دفتر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہومین اینڈ چلڈرن ہسپتال مستونگ۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہومین اینڈ چلڈرن ہسپتال مستونگ

PRQ No1932/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت انسداد دہشت گردی لورالائی

زیر دفعہ ۸۷ ض ف

مقدمہ فرد نمبر 23/26 سرکار بنام۔ دولت خان وغیرہ CTD لورالائی

بجرم 7 (1) ,b,7 (1) c,7 (1) 01 ,7 (l) h ,7 (1) i , 7 ATA

اشتہار بحکم حاضری ملزم: دولت خان عرف دوے ولد بیت خان (2) عطاء (3) نوروز (4) مختیار پسران دولت خان عرف دوے (5) کمانڈر بیت ولد نامعلوم (6) نجیب اللہ ولد نامعلوم (7) صدام ولد نامعلوم (8) بدین ولد نامعلوم (9) نعمت اللہ ولد نامعلوم (10) کمانڈر نوروز ولد نامعلوم (11) داؤد ولد نامعلوم (12) ذاذا ولد نامعلوم (13) کمانڈر ریاست ولد نامعلوم (14) کمانڈر مبارک ولد نامعلوم اقوام مری ساکنان ٹکی ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ ملزم بالا پر جرم بالا کا مرتکب ہوا ہے جس کی سزا تعزیرات پاکستان کی دفعہ بالا میں مقرر ہے یا اس کے ارتکاب ان پر شبہ ظاہر کیا گیا ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو اس نالش پر جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ ملزم بالا دستیاب نہ ہوسکا اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزم مذکور فرار ہوگیا ہے یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہوا ہے لہٰذا اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا ملزم کو لازم ہے کہ مورخہ 27-10-2026 کو بمقام لورالائی عدالت ہذا حاضر ہو کر جوابدہی نالش کرے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی و سیشن جج لورالائی

PRQ No1936/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع برائے گڈز ٹرانسپورٹ مالکان

تمام گڈز ٹرانسپورٹ مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے مزید تین (03) نئے ڈویژنز 1 پشین 2 کوہ سلیمان اور 3 لسبیلہ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور اس سلسلے میں تمام گڈز ٹرانسپورٹ مالکان جن کی گاڑیاں بین الصوبائی اور بین اضلاع روٹ پر چل رہی ہے کو مطلع کیا جاتا ہے کہ روٹ پرمٹ کی اجرا تجدید اور کاؤنٹر سائن ذیل روٹ کے مطابق کیا جائیگا۔

(1) N-25 کوئٹہ سے کراچی روٹ پر کوئٹہ، خضدار اور لسبیلہ ڈویژن کی حدود پڑتی ہے۔

(2) N-65 کوئٹہ سے سکھر کے روٹ پر کوئٹہ، سبی اور نصیر آباد ڈویژن کی حدود پڑتی ہے۔

(3) N-70 کوئٹہ سے ڈیرہ غازی خان روٹ پر کوئٹہ، پشین، ژوب، لورالائی اور کوہ سلیمان ڈویژن کی حدود پڑتی ہے۔

(4) N-50 کوئٹہ سے ڈیرہ اسماعیل خان روٹ پر کوئٹہ، پشین اور ژوب ڈویژن کی حدود پڑتی ہے۔

(5) N-40 کوئٹہ سے تفتان روٹ پر کوئٹہ اور رخشان ڈویژن کی حدود پڑتی ہے۔

(6) صوبہ بلوچستان کے مکمل ایریا/ ڈویژن کے روٹ پرمٹ کے حصول کیلئے گیارہ (11) ڈویژنز کی اجراء تجدید اور کاؤنٹر سائن کرانا لازمی ہوگا۔ لہٰذا تمام گڈز ٹرانسپورٹ مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ نوٹس ہذا کی ہدایت پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنائیں خلاف ورزی کی صورت میں موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 ء اور موٹر وہیکل رولز 1969 کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان

PRQ No1942/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (۸۷ ض ف)(۱۰)/۱۹ انسداد دہشتگردی ایکٹ ۱۹۹۷

FIR نمبر 102/2026 CTD خضدار (1) مسمی شاہجان ولد سلیم جان سکنہ نال (2) محمد جان ولد لعل بخش جرم زیر دفعہ EE ATA -11 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہوسکے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) شاہجان (2) محمد جان کو لازم ہے کہ بتاریخ 23-10-2026 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہوجائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No1934/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء

ذخیرہ اندوزوں اور گرانفروشوں کے خلاف موثر کارروائی کی ضرورت

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کی زیر صدارت گزشتہ روز کابینہ کمیٹی کا اہم اور فوری وعوامی نوعیت کا حامل اجلاس منعقد ہوا ہے جس میں اراکین کمیٹی اور وفاقی و صوبائی وزارتوں اور محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی کمیٹی نے ضروری اشیاء کے ذخائر کی صورتحال، فراہمی کے انتظامات اور قیمتوں کا جائزہ لیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کو آگاہ کیا گیا کہ ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے اشیائے خورونوش کے وافر ذخائر موجود ہیں، قلت کا کوئی خدشہ نہیں اور قیمتیں مستحکم ہورہی ہیں۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق ملکی صارفین کو سہولت فراہم کرنے کے لئے متعلقہ حکام کو سپلائی چین اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی مسلسل نگرانی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا اشیائے ضروریہ کی ذخیرہ اندوزی، مصنوعی قلت پیدا کرنے اور زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی اور نرخنامے پر موثر عملدرآمد سے متعلق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کا دوٹوک عزم قابل تحسین ہے۔ عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے نجات دلانے اور بنیادی ضروریات زندگی کی مناسب قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لئے حکومت کا واضح اور غیر مبہم موقف نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ تاہم اس عزم کی اصل کامیابی اس وقت سامنے آئے گی جب اس پر موثر انداز میں عمل درآمد ہوگا، ناجائز منافع خوری کے مرتکب افراد کا احتساب کیا جائے گا اور عام شہری کو بازار سے اشیائے ضروریہ خریدتے ہوئے حقیقی ریلیف محسوس ہوگا۔ مہنگائی کے معاشی اسباب اپنی جگہ، لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ مصنوعی مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کرتی ہیں۔ اس لئے ان منفی عوامل کا خاتمہ حکومتی ترجیحات میں نمایاں مقام کا مستحق ہے۔ مہنگائی آج ملک کے عام شہری کا ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اشیائے خورونوش، سبزیوں، پھلوں، دالوں، آٹے، چینی، گھی اور دیگر بنیادی ضرورتوں کی قیمتوں میں اضافے سے گھریلو بجٹ مسلسل دباؤ کا شکار رہتا ہے۔ محدود آمدن والے افراد، دیہاڑی دار مزدور، تنخواہ دار طبقہ اور کم وسائل رکھنے والے خاندان اس صورت حال سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ ایک طرف آمدن اور اخراجات کے درمیان بڑھتا ہوا فرق لوگوں کے لئے زندگی گزارنا مشکل بنا رہا ہے، تو دوسری طرف بعض کاروباری عناصر کی جانب سے ناجائز منافع خوری اس مشکل کو مزید سنگین بنا دیتی ہے۔ ایسے میں صارفین کو صرف قیمتوں میں اضافے کا سامنا نہیں کرنا پڑتا بلکہ انہیں بعض اوقات ایک ہی چیز مختلف دکانوں سے مختلف نرخوں پر خریدنے کی مجبوری بھی پیش آتی ہے۔ یہاں ایک بنیادی فرق کو سمجھنا ضروری ہے۔ حقیقی مہنگائی مختلف معاشی عوامل، پیداواری اخراجات، نقل و حمل، توانائی کی قیمتوں اور رسد و طلب کے عدم توازن کے باعث پیدا ہوسکتی ہے، لیکن مصنوعی مہنگائی اس وقت جنم لیتی ہے جب منڈی میں کسی چیز کی دستیابی کے باوجود اسے دانستہ طور پر روک لیا جائے، اس کی قلت کا تاثر پیدا کیا جائے یا مقررہ نرخوں اور جائز منافع کی حدود کو نظرانداز کرتے ہوئے صارفین سے اضافی رقم وصول کی جائے۔ ایسی صورت حال میں نقصان صرف شہریوں کی جیب تک محدود نہیں رہتا بلکہ منڈی کے نظام، کاروباری اعتماد اور معاشرتی انصاف پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ذخیرہ اندوزی اس مسئلے کی اہم ترین وجوہات میں سے ایک ہے۔ بعض عناصر کسی شے کی دستیابی کے باوجود اسے گوداموں میں روک لیتے ہیں اور پھر قلت یا قیمتوں میں اضافے کے امکانات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس عمل سے طلب اور رسد کا توازن متاثر ہوتا ہے، قیمتوں میں غیر ضروری اضافہ ہوتا ہے اور عام صارف کو اپنی ضرورت کی چیز مہنگے داموں خریدنا پڑتی ہے۔ اسی طرح گرانفروشی کے ذریعے سرکاری طور پر مقرر کردہ نرخوں سے زائد قیمتیں وصول کرنا صارفین کے حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ یہ امر بھی قابل توجہ ہے کہ ملک میں جب کسی ضروری شے کی قیمت بڑھنے کی اطلاع سامنے آتی ہے تو بعض مقامات پر اس کے اثرات فوری طور پر نمایاں ہونے لگتے ہیں، خواہ مقامی منڈی میں اس شے کے ذخائر یا رسد کی صورت حال مختلف ہی کیوں نہ ہو۔ افواہوں، غیر ضروری خوف اور ناجائز منافع خوری کے امتزاج سے قیمتوں میں ایسا اضافہ بھی دیکھنے میں آسکتا ہے جس کا حقیقی معاشی حالات سے کوئی معقول تعلق نہیں ہوتا۔ اسی لئے حکومت کی ذمہ داری صرف ذخائر کے اعداد و شمار جمع کرنے یا اجلاسوں میں صورت حال کا جائزہ لینے تک محدود نہیں ہونی چاہئے، بلکہ زمینی حقائق کی مسلسل نگرانی اور خلاف ورزیوں پر فوری کارروائی بھی ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی کے مسائل بالخصوص زیادہ سنگین صورت اختیار کر سکتے ہیں۔ صوبے کا وسیع جغرافیائی رقبہ، دور دراز آبادیوں تک رسائی کے مسائل، بعض علاقوں میں نقل و حمل کے زیادہ اخراجات اور منڈیوں کی محدود دستیابی اشیائے ضروریہ کی فراہمی کو پیچیدہ بناتے ہیں۔ ان حالات میں اگر انتظامی نگرانی کمزور ہو یا قیمتوں پر موثر کنٹرول موجود نہ ہو تو ناجائز منافع خور عناصر کو اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کے مواقع مل سکتے ہیں۔ اس کا سب سے زیادہ نقصان ان شہریوں اور خاندانوں کو اٹھانا پڑتا ہے جن کی آمدن محدود ہے اور جن کے پاس خریداری کے لئے متبادل بازار یا دکانیں بھی آسانی سے دستیاب نہیں ہوتیں۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو عوام کی قوت خرید کے مطابق رکھنے کے لئے خصوصی توجہ درکار ہے۔ صوبے کے دور افتادہ علاقوں میں رسد کی صورت حال اور مقامی ضروریات مختلف ہوسکتی ہیں، اس لئے یکساں انتظامی ہدایات کے ساتھ مقامی سطح پر موثر نگرانی بھی ضروری ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ حقیقی نقل و حمل اور ترسیل کے اخراجات کا جائزہ لے، تاہم ان اخراجات کو ناجائز منافع خوری کے جواز کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ قیمتوں کے تعین اور ان پر عمل درآمد میں شفافیت پیدا کرکے عوام اور کاروباری طبقے دونوں کے لئے واضح اصول وضع کیے جاسکتے ہیں۔ اس تناظر میں صوبائی حکومت بلوچستان پر خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے ظاہر کردہ عزم کو عملی جامہ پہنانے کے لئے فعال اور متحرک کردار ادا کرے۔ وفاقی سطح پر ذخائر کی دستیابی اور قیمتوں کی نگرانی سے متعلق اقدامات اسی وقت زیادہ موثر ثابت ہوں گے جب صوبائی انتظامیہ، ضلعی حکام اور مقامی ادارے ان پر سنجیدگی سے عمل درآمد یقینی بنائیں گے۔ یقیناً یہ امر اطمینان بخش ہے کہ ملک میں اشیائے ضروریہ کے وافر ذخائر موجود ہیں تاہم محض یقین دہانی نہیں بلکہ کامیابی کا اصل پیمانہ یہی ہے کہ دستیاب ذخائر کا فائدہ عام عوام کو قیمتوں میں استحکام کی صورت میں پہنچے اور عام آدمی حقیقی ریلیف و آسانی محسوس کر سکے۔

ملبے تلے دبے خواب، بے حس نظام، سوئے ہوئے ضمیر!

منظرنامہ — پیرزادہ ... علی



گزرتے لمحوں کی آنچ!

قرطاس — ناصف اعوان

پیٹرولیم قیمتوں کا نظام، عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ بڑھانے کا ذریعہ

اظہار خیال — ڈاکٹر اکرام الحق

ایمرجنسی کے بعد اب کیا ہونے والا ہے؟

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

جمہوری خزاں اور بشیر کا گھر

اظہار خیال — خالد مسعود خان



خاموشی اچھی نہیں

خورشید ندیم

لوبان سے تیل تک: کیا تاریخ خود کو دہرا رہی ہے؟

پن پوائنٹ — سجاد اظہر

عبد الحمید بلوچ کا خضدار گورنمنٹ ڈگری کالج کا دورہ

وفد کا پرنسپل سے ملاقات ،کالج کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال

خضدار(بیورو رپورٹ) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین عبدالحمید بلوچ نے وائس چیئرمین سفر خان مینگل اشرف علی مینگل، انجینئر وسیم زہری، جمیل احمد و دیگر کے ہمراہ آج گورنمنٹ ڈگری کالج خضدار کا تفصیلی دورہ کیا۔ وفد نے پرنسپل سمیت اساتذہ کرام سے ملاقات کی اور کالج کو درپیش مسائل و مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر عبدالحمید بلوچ چیئرمین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار نے طلباء سے خطاب بھی کیا اور سوال و جواب کا تفصیلی سیشن ہوا۔ طلباء نے ہاسٹل میں سہولیات کی کمی، اسٹڈی ٹور، اسپورٹس فنڈ کی عدم فراہمی اور دیگر درپیش مشکلات کمیٹی کے سامنے رکھیں۔ رہنماؤں نے کالج کی بلڈنگ، کلاس رومز اور لائبریری کا بھی معائنہ کیا۔ اس دوران یہ بات سامنے آئی کہ کالج میں لیکچررز کی شدید کمی ہے جبکہ کالج کی بلڈنگ خستہ حالی کا شکار ہے۔ چیئرمین آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ "یہ ایک قدیم اور تاریخی تعلیمی ادارہ ہے، اس ادارے کی فعالیت اور بحالی ناگزیر ہے۔ ہم اس ادارے کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور اس کے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچا کر حل کروانے کی کوشش کریں گے۔

وندر میں مچھروں کی بہتات، ملیریا اور ڈینگی پھیلنے کا خدشہ

شہریوں کا مچھروں کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اسپرے مہم شروع کرنے کا مطالبہ

وندر (یو این اے) وندر شہر اور گردونواح میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی صحت سے متعلق خدشات پیدا کر دیے ہیں، جبکہ مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں کے خطرے کے پیش نظر شہریوں نے فوری طور پر اسپرے مہم شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وندر شہر اور اس کے نواحی علاقوں میں مچھروں کی بہتات کے باعث ملیریا، ڈینگی اور دیگر بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ مقامی سطح پر مچھروں کی افزائش روکنے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہ آنے پر شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ نجی کلینکس میں مریضوں کی آمد میں اضافے کی اطلاعات بھی سامنے آ رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مچھروں کی افزائش صحت عامہ کا اہم مسئلہ بنتی جا رہی ہے، جس سے خصوصاً بچوں، بزرگوں اور پہلے سے بیمار افراد کی صحت کے حوالے سے خدشات بڑھ رہے ہیں۔

[illegible] اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کے جائز حقوق کے حصول تک پرامن جدوجہد جاری رہے گی، سردار غلام سرور

شیرانی (یو این اے) ضلعی ہیڈکوارٹر شیرانی، سنگوانہ کی آئینی و قانونی حیثیت کی بحالی، سرکاری محکموں کی فعالیت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری پرامن احتجاجی دھرنا 237 ویں روز بھی جاری رہا۔ دھرنے میں آل شیرانی حریفال اتحاد کے سربراہ سردار غلام سرور شیرانی، عتیق الرحمن شیرانی، نصیب اللہ شیرانی اور دیگر افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سردار غلام سرور شیرانی نے کہا کہ عوام کے جائز حقوق کے حصول تک پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔

پشین: کمشنر قائم لاشاری صحت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں
ڈویژنل ڈائریکٹر ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ بھی ساتھ بیٹھے ہیں

اوستہ محمد طویل لوڈشیڈنگ عروج پر صارفین شدید گرمی میں بلبلا اٹھے

گھنٹوں بجلی غائب، سپلائی منقطع، شہری شدید ذہنی کوفت میں مبتلا، پینے کے پانی کی قلت، عوام دن بھر پانی کی تلاش میں سرگرداں

لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کرکے صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، عوامی حلقے

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) [illegible] ساتھ گھنٹے بجلی کی سپلائی منقطع صارفین شدید ذہنی کوفت میں مبتلا پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہو گیا اوستہ محمد ڈیرہ مراد جمالی جعفرآباد صحبت پور اور جھل مگسی سمیت بلوچستان کے مختلف شہروں میں فورس شیڈول کے تحت طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ کئی روز سے جاری اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان کیسکو چیف ایگزیکٹو بلوچستان سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کر کے صارفین کو بجلی کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں کیسکو ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر پانی و بجلی کی خصوصی ہدایات [illegible]

پشین، طبی سہولیات کی بہتری، اجلاس منعقد صحت کے مسائل زیر غور

ادویات، طبی آلات، عملے کی کمی اور ہسپتالوں کی مرمت سے متعلق امور کا جائزہ

کمشنر قائم لاشاری کا اجلاس میں مریضوں کو معیاری علاج کی فراہمی پر تبادلہ خیال

پشین (خ ن) کمشنر پشین ڈویژن قائم لاشاری کی زیر صدارت صحت کے شعبے کو درپیش مسائل، ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری اور مریضوں کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ نے صحت کے شعبے کی مجموعی صورتحال، درپیش چیلنجز اور دستیاب سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر فضل محمد کاکڑ نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ صحت کے شعبے میں ادویات اور طبی آلات کی دستیابی، طبی عملے کی کمی، بجلی اور شمسی توانائی کی سہولیات، ہسپتالوں کی دیکھ بھال و مرمت اور ہنگامی طبی خدمات سمیت مختلف امور خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں۔ انہوں نے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے اور ہسپتالوں میں علاج معالجے کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے بھی صورتحال سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل کے حل، ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، ضروری طبی آلات اور ادویات کی دستیابی، عملے کی کمی اور مریضوں کی بہتر دیکھ بھال سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈاکٹر گل زمان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نصراللہ اچکزئی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال پشین اور اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر محمد جہانگیر بابر بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے اور عوام کو علاج معالجے کی معیاری خدمات کی فراہمی کے لیے درپیش مسائل کے حل کی اہمیت پر زور دیا گیا

حب مختلف علاقوں میں 24 گھنٹے بجلی بندش، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا

حب الیکٹرک بجلی فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے، مقامی پیدا کردہ بجلی گھر حبکو کول پاور پلانٹ سے بجلی فراہم کی جائے

طویل بجلی بندش کا سلسلہ بالاتر شہر میں بجلی کی فراہمی فوری طور پر بہتر بنائی جائے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، عوامی حلقے

[illegible] کے مطابق بلوچستان کے اہم صنعتی شہر حب کے مختلف علاقوں میں پچھلے 20 گھنٹے سے زائد وقت بجلی بندش پر شہریوں مختلف سیاسی و سماجی شخصیات، تاجروں اور عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، مختلف سیاسی سماجی، عوامی حلقوں اور تاجر برادری نے شدید احتجاج کی کال دے دی ہے حب شہر کے مختلف سیاسی و سماجی، عوامی حلقوں اور تاجروں کا [illegible] ہے کہ حب شہر میں بجلی کی فراہمی فوری طور پر بہتر بنائی جائے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا ہمیشہ خاتمہ کیا جائے جبکہ آئے روز کی نت نئے طریقوں اور بہانوں سے حب شہر بھر کے مختلف علاقوں کی [illegible] ہیں جو زرا سا لوڈ دینے پر سلور کیبل کی تاریں پگھل کر گل سڑ جاتے ہیں جسکی وجہ سے حب شہر کے مختلف علاقوں میں عوام کو بجلی فراہمی 24 گھنٹے یا اس زائد وقت کیلئے منقطع ہوتا ہے

بلوچستان اسمبلی معتبر فورم ہے ، وڈیرہ مولابخش جاموٹ

بازاری الفاظ کا استعمال بلوچی روایات کیخلاف ہے ، بیان

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وڈیرہ مولابخش جاموٹ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ علی مددجتک نے ہمارے قائدین سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور نوابزادہ امیر حمزہ زہری کے خلاف جو زبان استعمال کی ہے وہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر اخلاقی حدود کو پھلانگ چکے ہیں اور ان کی گفتگو سے ان کی سیاسی سوچ اور تربیت صاف ظاہر ہوتی ہے جب اسمبلی جیسے باوقار ادارے میں ایسے غیر سنجیدہ افراد پہنچیں گے تو ایوان سے اسی قسم کی گفتگو سننے کو ملے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایسا لگتا ہے بلوچستان اسمبلی جیسا مقدس ایوان ایسے لوگوں کے ہاتھ میں دے دیا گیا ہے جنہیں بات کرنے کا سلیقہ تک نہیں۔ بلوچستان اسمبلی ایک معتبر فورم ہے،

ماچھی پور، جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر سید لطف علی شاہ مشرق سے بات چیت کر رہے ہیں

جیم کلب میں مزید سہولیات کی ضرورت ہے، فضل الرحمٰن

ڈی سی ژوب کا جیم کلب کا دورہ ، مختلف حصوں کا معائنہ کیا

ژوب (خ ن) ڈپٹی کمشنر ژوب فضل الرحمٰن کبزانی نے ژوب جیم کلب کا دورہ کیا، جہاں جیم ٹرینر ایاز خان ترین نے انہیں کلب کی سرگرمیوں، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر صدر ژوب پریس کلب اللہ نور ناصر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے جیم کلب کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور وہاں موجود ورزش کی مشینری، دیگر سہولیات اور عمارت کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیا کہ جیم کلب میں مزید سہولیات کی ضرورت ہے، جن میں خصوصاً ٹریڈمل مشینیں، ایکسرسائز سائیکلیں اور سی سی ٹی وی کیمرے شامل ہیں، جبکہ کلب کی عمارت کی مرمت، رنگ و روغن اور تزئین و آرائش بھی ناگزیر ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کبزانی نے ہدایت کی کہ جیم کلب کی عمارت کی ضروری مرمت و بحالی کو BSDI فیز فور میں شامل کرنے کے لیے پی سی ون تیار کیا جائے اور منصوبے کو باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے عمارت کی رنگ و روغن اور تزئین و آرائش کے لیے بھی ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی تاکہ نوجوانوں کو بہتر اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے۔ جیم کلب نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، جسمانی فٹنس برقرار رکھنے اور تن سازی کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید اور معیاری سہولیات کی فراہمی سے انہیں اپنی صلاحیتیں مثبت سرگرمیوں میں بروئے کار لانے کے مواقع ملیں گے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جیم کلب کی ضروریات کا جائزہ لے کر مشینری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت عمارت کی بہتری کے اقدامات کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ژوب میں نوجوانوں کے لیے کھیلوں اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے گا تاکہ انہیں بہتر اور مثبت ماحول فراہم کیا جا سکے۔

مرحوم سید عبدالباری آغا: روایات، صلح جوئی اور خدمتِ خلق کا روشن باب

تحریر: مفتی سید نجیب اللہ آغا

دنیا میں بعض رشتے اور نسبتیں ایسی ہوتی ہیں جنہیں ہر صاحبِ شعور قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ان میں باپ اور بیٹے کا رشتہ اپنی محبت، شفقت اور گہرے جذبات کے باعث ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ باپ کی شخصیت، اس کی تربیت، اس کے کردار اور زندگی بھر کی جدوجہد کے نقوش اولاد کے دل و دماغ پر ہمیشہ ثبت رہتے ہیں۔ اس کی جدائی کا غم وقت گزرنے کے باوجود کم نہیں ہوتا، بلکہ بعض لمحات اور یادیں اسے دوبارہ تازہ کر دیتی ہیں۔ گزشتہ برس اکتوبر میں ہمارے والد محترم، قبائلی مشر الحاج سید عبدالباری آغا اس دارِ فانی سے رخصت ہو گئے۔ ان کی پہلی برسی کے موقع پر ان کی یادیں ایک بار پھر دل و دماغ میں تازہ ہو گئی ہیں۔ والد مرحوم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو یاد کرنا ہمارے لیے باعثِ تسکین بھی ہے اور ان کی شخصیت، خدمات اور اوصاف کو دوسروں تک پہنچانے کا ایک ذریعہ بھی۔ سید عبدالباری آغا 1953ء میں پیدا ہوئے۔ والدین نے مشاورت سے ان کا نام عبدالباری رکھا۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم اپنے آبائی وطن گلی پائیزئی سیدان میں حاصل کی۔ اس دور میں علاقے میں تعلیمی سہولیات محدود تھیں اور غربت بھی عام تھی۔ ناسازگار معاشی حالات کے باعث وہ اپنی تعلیم کا سلسلہ آگے جاری نہ رکھ سکے اور حلال روزی کمانے کے لیے عملی زندگی میں قدم رکھا۔ انہوں نے مشکلات کے سامنے ہمت ہارنے کے بجائے محنت اور جدوجہد کو اپنا شعار بنایا۔ ان کی شخصیت کا ایک اہم پہلو اپنے علاقے کے لوگوں کے لیے خلوص، ہمدردی اور خدمت کا جذبہ تھا۔ وہ قبائلی روایات کے امین تھے اور لوگوں کے درمیان باہمی احترام، اتفاق اور بھائی چارے کے فروغ کو اہمیت دیتے تھے۔ اپنے علاقے میں امن و امان، صلح و مصالحت اور تنازعات کے حل کے لیے انہوں نے شب و روز کوششیں کیں۔ ان کی مخلصانہ کاوشوں کے نتیجے میں کئی خاندانوں کے درمیان اختلافات ختم ہوئے اور باہمی رنجشوں کی جگہ محبت اور اتفاق نے لے لی۔ قبائلی معاشرے میں تنازعات کا پُرامن حل ہمیشہ اہمیت کا حامل رہا ہے۔ ایسے ماحول میں ان افراد کی خدمات خصوصی قدر و منزلت رکھتی ہیں جو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر لوگوں کو قریب لانے اور اختلافات مٹانے کی کوشش کرتے ہیں۔ والد مرحوم نے اپنی صلاحیتوں کو اسی مقصد کے لیے بروئے کار لایا۔ وہ لوگوں کے مسائل سنتے، ان کے درمیان مفاہمت پیدا کرنے کی کوشش کرتے اور اپنی استطاعت کے مطابق تنازعات کو خوش اسلوبی سے حل کرانے میں کردار ادا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے مرحوم کو غیر معمولی قوتِ حافظہ عطا فرمائی تھی۔ کسی باقاعدہ مستند دینی یا عصری تعلیمی ادارے سے اعلیٰ تعلیم حاصل نہ کرنے کے باوجود انہیں اپنی مادری زبان کے علاوہ اردو، فارسی، انگریزی اور براہوی زبانوں پر بھی عبور حاصل تھا۔ مختلف زبانوں سے واقفیت اور ان میں اظہارِ خیال کی صلاحیت ان کی شخصیت کا نمایاں وصف تھی۔ وہ مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے ساتھ ان کی زبان اور انداز کے مطابق گفتگو کرنے کا ہنر جانتے تھے، جو ان کے وسیع مشاہدے، ذہانت اور تجربے کی عکاسی کرتا تھا۔ خوش گفتاری، شیریں زبانی اور مؤثر اندازِ بیان بھی ان کی شخصیت کے نمایاں اوصاف تھے۔ وہ علماء کی محفل میں علمی انداز سے گفتگو کرتے اور عام لوگوں کے درمیان سادہ اور عام فہم زبان استعمال کرتے تھے۔ ان کے طرزِ گفتگو میں موقع محل کی مناسبت اور مخاطب کی رعایت نمایاں ہوتی تھی۔ کسی بااثر شخصیت کے سامنے بھی وہ مرعوب ہوئے بغیر اپنا مؤقف پیش کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ والد مرحوم کو سادات قوم کی تاریخ اور قبائلی روایات سے بھی گہری دلچسپی تھی۔ اس حوالے سے ان کا مطالعہ، مشاہدہ اور یادداشت قابلِ ذکر تھی۔ وہ اپنے علاقے اور قوم سے متعلق تاریخی معلومات اور روایات سے واقف تھے، جس کی بدولت مختلف مواقع پر ان سے استفادہ کیا جاتا تھا۔ ان کی شخصیت کے یہ پہلو ظاہر کرتے ہیں کہ رسمی تعلیم محدود ہونے کے باوجود انسان اپنے شوق، مشاہدے، تجربے اور مطالعے سے علم و آگہی کی مختلف جہتوں میں نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں حج بیت اللہ کی سعادت سے بھی نوازا۔ یہ روحانی سفر ان کی زندگی کے اہم مراحل میں شامل تھا۔ تاہم زندگی کا سفر ہمیشہ ایک جیسا نہیں رہتا۔ عمر کے آخری حصے میں انہیں پھیپھڑوں اور دل کے امراض کا سامنا کرنا پڑا۔ ابتدا میں کوئٹہ کے مختلف ہسپتالوں میں ان کا علاج جاری رہا، بعد ازاں انہیں کراچی منتقل کیا گیا، جہاں ایک نجی ہسپتال میں امید اور حوصلے کے ساتھ علاج و معالجے کا سلسلہ جاری رکھا گیا۔ 17 اکتوبر 2025ء کو وہ داعیِ اجل کو لبیک کہتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نمازِ جنازہ میں مقامی علماء، قبائلی معتبرین، سیاسی رہنماؤں اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر لوگوں کی موجودگی اس بات کی عکاس تھی کہ مرحوم اپنے علاقے میں کس قدر عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ والد محترم کی وفات ہمارے خاندان کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے، لیکن ان کی زندگی کے مثبت پہلو، لوگوں کے ساتھ ان کا حسنِ سلوک، صلح و مصالحت کے لیے ان کی کوششیں اور خدمتِ خلق کا جذبہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انسان دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے، مگر اس کے اچھے اعمال اور کردار کے اثرات باقی رہتے ہیں۔

معاشرے میں باہمی احترام کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، سید لطف

ماچھی پور (افتخار عباسی) جماعت اہل سنت ماچھی پور کے امیر سید لطف علی شاہ نے کہا ہے کہ دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی معاشرے میں امن، بھائی چارے، محبت اور اخوت کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆☆۔ اوورائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایات درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5173819130 بنام نصر الدین ولد عبداللہ جان کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03013704404 پر مطلع کریں
نمائندہ میری اڈہ ....

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420380310923 بنام خیر اللہ ولد تیمور شاہ کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03158385331 پر مطلع کریں
نمائندہ میری اڈہ ....

شہید ولید صالح بلوچ کی پہلی برسی 19 اکتوبر کو منائی جائے گی

پنجگور (یو این اے) شہید ولید صالح بلوچ کی پہلی برسی 19 اکتوبر کو منائی جائے گی، نیشنل پارٹی کے یونٹ اجلاس میں تیاریوں پر غور۔ نیشنل پارٹی پنجگور کے ضلعی صدر حاجی محمد ایوب بلوچ کی زیر صدارت چتکان کے علاقے محلہ امام آباد میں نیشنل پارٹی کے تحصیل نائب صدر عبداللطیف بلوچ کی رہائش گاہ پر یونٹ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل پارٹی کے سینئر ورکر شہید ولید صالح بلوچ کی پہلی برسی، جو 19 اکتوبر کو منائی جائے گی، کی تیاریوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ، ضلعی صدر حاجی محمد ایوب بلوچ، تحصیل صدر تاج بلوچ، سینئر رہنما آغا شاہ حسین بلوچ، ضلعی خازن محمد عظیم بلوچ، ضلعی یوتھ سیکرٹری حضور بخش بلوچ، ضلعی سوشل میڈیا سیکرٹری محیب کریم بلوچ، تحصیل نائب صدر عبداللطیف بلوچ، تحصیل خازن نواز بلوچ، تحصیل رابطہ سیکرٹری میر محمد علی بلوچ، حاجی بشیر احمد بلوچ، حاجی رحیم بخش بلوچ اور نیاز بلوچ نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ شہید ولید صالح بلوچ کی پہلی برسی کے موقع پر ان کی سیاسی جدوجہد، پارٹی سے وابستگی اور خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

بعدالت تحصیلدار/صدر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی سید صلاح الدین ولد سید عبدالحق قوم سید ساکنہ پیر وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا زیر انتقال نمبر 572 محال کاریز شیر دل موضع کلی گل محمد چپ درانی تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی سید صلاح الدین کے پسماندگان میں 1۔ سات بی بی بیوہ 2۔ سید اختر محمد 3۔ سید منظور احمد 4۔ سید ظہور احمد 5۔ سید علی احمد پسران 6۔ بی بی رویینہ 7۔ بی بی روالقعدہ 8۔ بی بی عارفہ دختران سید صلاح الدین قوم سید ساکنہ پیر جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفی کا دیگر کوئی جائز وارث اور وارثہ نہیں لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 16/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63907

بعدالت نائب تحصیلدار/صدر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد یوسف ولد عیسیٰ خان قوم مجترزئی ساکنہ پیر وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا زیر انتقال نمبر 558 محال ویالہ ترین موضع کوتوال چپ درانی تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی محمد یوسف کے پسماندگان میں 1۔ دریا بی بی بیوہ 2۔ محمد آصف خان 3۔ محمد عارف 4۔ محمد ثاقب 5۔ غلام دستگیر پسران 6۔ صائمہ دختر محمد یوسف قوم مجترزئی ساکنہ پیر جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفی کا دیگر کوئی جائز وارث اور وارثہ نہیں لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 16/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63907

بعدالت نائب تحصیلدار/صدر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی جمعہ خان ولد محمد سلمان خان قوم اعوان ساکنہ پیر وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد ہذا زیر انتقال نمبر 5858 محال ویالہ باز موضع کوتوال چپ درانی تحصیل صدر میں واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی جمعہ خان کے پسماندگان میں 1۔ مسکین جان بیوہ 2۔ محمد علی 3۔ باسط علی پسران جمعہ خان قوم اعوان ساکنہ پیر جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفی کا دیگر کوئی جائز وارث اور وارثہ نہیں لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 16/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63907

Request for Proposal

TSE-2627101209644 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agencyy or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Consultancy Services for Design and Supervision of Mini Sports Complex Kharotabad, PSDP 2021 to 2022 (Project No. Z2021.0730) Bid Security 2%
Detail as under:

S.No.	Description	E/Cost
1	Consultancy Services for Design and Supervision of Mini Sports Complex Kharotabad, PSDP 2021 to 2022 (Project No. Z2021.0730)	2,149,861

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 1,800,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration Tender Fee Required PEC Codes :1204(I), 0506, 0516, 0572 and 0575 **Procedure Of Procurement**:Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03 November, 2026 till 11:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Executive Engineer Building Saddar CWPP&H Phone no: 0817939397
Email: xen.building.sadar@gmail.com

DPRQ/PRQ No.1919/16-10-2026

**EXECUTIVE ENGINEER, (BUILDING)
SADDAR CW PP&H DEPARTMENT
DISTRICT QUETTA**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101210303 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings District Usta Muhammad invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF CIVIL VETERINARY DISPENSARY (CVD) AT VILLAGE MIANDAD KHAN JAMALI, TEHSIL AND DISTRICT USTA MUHAMMAD PSDP NO. 2915 Z2026.4110	23,483,528

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 16,438,469 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Upload Green Challan amounting to Rs. 1,000/-, the BPPRA Challan, both duly paid, and the (CDR) @ 3% of the total estimated cost have been duly submitted Affidavit (Rs. 100/- Stamp Paper): Notarized affidavit in favour of XEN Buildings, CW, PP&H Usta Muhammad, stating work name, amount and TSE No., confirming bid information is correct and accepting legal action for false information The bidder shall submit a brief method statement outlining the work execution plan and resource allocation to ensure timely completion as per Sub-Clause 43.1 of the General Conditions of Contract. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed from 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 02 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 02 November, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** Office of Executive Engineer Buildings CW,PP&H Department Main Jinnah Road District Usta Muhammad
0. Phone no: 03163332123 Email: Yaseenchandia@gmail.com

**Executive Engineer Buildings
District Usta Muhammad**

DPRQ/PRQ No.1929/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Request for Proposal

TSE-2627101209664 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL) having registration with PEC as a Consulting Engineering Firm, and are not black listed in any procuring agencyy or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as Consultancy Services For Establishment Of Sewage Treatment Plant At Bmch, Sph And Fjicd. (Z2025.1407)
Bid Security 2% Detail as under:

S.No.	Description	E/Cost
1	Consultancy Services For Establishment Of Sewage Treatment Plant At Bmch, Sph And Fjicd. (Z2025.1407)	2,463,084

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 2,000,000 PKR Amount in 1 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration 2000 Bank Challan Required PEC Codes : 1204 (I), 0506, 0516 and 0575 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The FINANCIAL PROPOSALS shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03 November, 2026 till 11:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Executive Engineer Building Saddar CW,PP&H Phone no: 0817939397
Email: xen.building.sadar@gmail.com

DPRQ/PRQ No.1920/16-10-2026

**EXECUTIVE ENGINEER, (BUILDING)
SADDAR CW PP&H DEPARTMENT
DISTRICT QUETTA**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-627101208611 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Procurement of Medicine and Allied Items (Total Item(s) Count: 244)	500,000 PKR

اور بنیادی سہولیات تک رسائی فراہم کی جائے۔ پاکستان خاص کر بلوچستان کے میوہ جات اور غذائی مصنوعات معیار، ذائقے اور قدرتی خصوصیات کے اعتبار سے انٹرنیشنل سطح پر زیادہ پسند کئے جاتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہے کہ انہیں بین الاقوامی منڈیوں میں متعارف کرایا جائے تاکہ مقامی معیشت مضبوط ہو اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ یہ بات انہوں نے ورلڈ فوڈ ڈے کی مناسبت سے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ اور پہلی بلوچستان فوڈ نمائش کی افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے ایف اے او کے سب آفس کے ہیڈ ولید مہدی، یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر خالد حفیظ، زرعی کالج کے پرنسپل ڈاکٹر شہنشاہ خان سمیت زراعت کے ماہرین اور نوجوانوں کی ایک بڑی موجود تھی۔ انٹرنیشنل فوڈ ڈے کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا آج پہلی بلوچستان فوڈ نمائش 2026 کے افتتاح اور عالمی یوم خوراک کی تقریب، ان دو اہم مواقع پر آپ کے درمیان موجود ہونا میرے لیے باعث اعزاز ہے۔ بلوچستان بنیادی طور پر مالداری اور گلہ بانی کا خطہ ہے۔

بقیہ 21 انکم ٹیکس

طے کردیا گیا۔ ایف بی آر کے نئے نوٹیفکیشن کے مطابق متاثرہ ٹیکس دہندہ انکم ٹیکس تنازع کے حل کے لیے بورڈ کو تحریری درخواست دینے کا پابند ہوگا۔ درخواست گزار کے نمائندے کا نام، شناختی کارڈ نمبر، فون نمبر، پتہ اور ای میل درج کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 22 اے پی این ایس

اور سیکرٹری جنرل محمد اطہر قاضی نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 16 اکتوبر کو ڈی اے سی حکام نے بغیر کوئی وجہ بتائے اور بغیر پیشگی نوٹس کے مارکیٹ کو سیل کردیا، اخبار فروش مارکیٹ کی دہائیوں سے وفاقی دارالحکومت میں اخبارات کی تقسیم کے مرکزی مرکز کے طور پر کام کررہی ہے۔ عہدیداران نے کہا کہ یہ بلاجواز اور ناروا اقدام آزادی صحافت پر حملے کے مترادف ہے۔

بقیہ 23 شوکت یوسفزئی

کے خلاف جنگ میں پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ شوکت یوسفزئی نے الزام عائد کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے نام پر اقدامات کرنے کے بجائے پی ٹی آئی کے خلاف کارروائیاں شروع کردی گئی ہیں۔ ان کا سوال تھا کہ حکومت کا مقصد دہشت گردی کا خاتمہ ہے یا تحریک انصاف کو ختم کرنا؟ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پارٹی کارکنوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے، جس میں چادر و چاردیواری کے تقدس کو پامال کیا جارہا ہے۔

بقیہ 24 علیمہ خان

احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ ایک بار پھر موخر کر دیا۔ کیس کی سماعت کے موقع پر عدالت نے محفوظ فیصلہ 26 اکتوبر تک بغیر کارروائی کے موخر کیا۔ سماعت کے دوران علیمہ خان کے وکیل فیصل ملک عدالت میں پیش ہوئے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل اے ٹی سی راولپنڈی نے مقدمے کا فیصلہ 22 ستمبر کو محفوظ کیا تھا۔

بقیہ 25 جھینگا فارمنگ

کے فروغ اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی موجودگی میں ہاؤس آف کاسب کنسورشیم کے چیف ایگزیکٹو سعد اور سیکرٹری محکمہ ماہی گیری طارق قمر نے معاہدے پر دستخط کیے۔ تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال اور معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے لیے حکومت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت منصوبوں کو آگے بڑھا رہی ہے۔

بقیہ 26 قرارداد منظور

اور چھوٹے آبی ذخائر کی تعمیر، موجودہ ڈیموں کی فوری مرمت و بحالی کے حوالے سے دو قراردادیں متفقہ طور پر منظور، جبکہ دالی تا تکلیل 80 کلومیٹر اور دالی تا بسیمہ 40 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر و بحالی سے متعلق قرارداد محرک کی عدم موجودگی کے باعث موخر کردی گئی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمن بلوچ نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری نظام کی مضبوطی، اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی، عوامی مسائل کے فوری حل اور متوازن و پائیدار ترقی کیلئے ایک مضبوط، بااختیار، موثر اور مالی و انتظامی خودمختار بلدیاتی نظام کا قیام ناگزیر ہے، بلدیاتی ادارے عوام اور حکومتی نظام کے درمیان بنیادی رابطے کا ذریعہ ہیں، جو مقامی ضروریات کی نشاندہی اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ صوبے میں بلدیاتی اداروں کو موثر بنانے کے لئے انہیں مناسب مالی وسائل، انتظامی اختیارات ضروری افرادی قوت، بلدیاتی اداروں کو پانی کی فراہمی، صفائی، نکاسی آب، سڑکوں کی دیکھ بھال، اسٹریٹ لائٹس، عوامی صحت اور دیگر بنیادی شہری و مقامی سہولیات کی فراہمی، بلدیاتی فنڈز کی بروقت فراہمی اور منصفانہ تقسیم اور بلدیاتی انتخابات کا بروقت انعقاد اور منتخب نمائندوں کے آئینی و قانونی اختیارات کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 27 کاملہ ہیرس

اعتراف کرلیا۔ کاملہ ہیرس نے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو کھلی چھوٹ دینے پر ٹرمپ انتظامیہ کو بھی قصوروار ٹھہرایا۔ جنوبی کوریا میں ایک تقریب سے خطاب میں کاملہ ہیرس نے کہا کہ امریکا بعض اوقات انسانی حقوق اور بین الاقوامی قانون کے حوالے سے اپنی اخلاقی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہا ہے۔

بقیہ 28 دہشتگرد ہلاک

کے مطابق سیکورٹی فورسز کے عملے نے گزشتہ روز دالبندین کے علاقے کلی سردار ہاشم میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے دو دہشت گردوں کو ہلاک کردیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق مارے جانے والے دہشت گرد کوئٹہ تفتان شاہراہ پر معصوم مسافروں کو ہراساں کرنے خوف و ہراس پھیلانے میں ملوث تھے یہ دہشت گرد شاہراہ پر تجارتی گاڑیوں، مسافر کوچز اور مال بردار ٹرکوں کو نذر آتش کرکے ملک کی معیشت کو نقصان پہنچا رہے تھے۔

بقیہ 29 آڈٹ رپورٹ

37 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ صوبے میں 11 ارب 88 کروڑ 36 لاکھ روپے کے بے قاعدہ اخراجات کئے گئے۔

بقیہ 30 گرفتار، روک دیا

اکوروک دیا۔ عدالت نے متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 31 سماعت کیلئے مقرر

وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں فیڈریشن آف پاکستان، صدر، وزیراعظم، گورنر کے پی اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں کہا گیا ہے کہ دہشتگردی کو بنیاد بنا کر منتخب صوبائی حکومت کیخلاف کارروائی امتیازی سلوک ہے، بلوچستان میں دہشتگردی اور جانی نقصانات کے باوجود گورنر راج نافذ نہیں کیا گیا، دہشتگردی کو جواز بنا کر کے پی میں پی ٹی آئی حکومت کے اختیارات ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ درخواستوں میں یہ موقف بھی اختیار کیا گیا ہے کہ 2007 سے 2015 تک دہشتگردی کے باوجود کے پی میں گورنر راج نافذ نہیں کیا گیا، پی ٹی آئی دہشتگردی کیخلاف کارروائیوں اور امن کیلئے قیام کی حمایت کرتی ہے، دہشتگردی کے خلاف موثر اقدامات نہ کرنے کے الزامات سیاسی دباؤ بڑھانے کیلئے استعمال کیے جارہے ہیں، وفاقی حکومت کو سیاسی اختلافات کی بنیاد پر منتخب صوبائی حکومت کے اختیارات ختم کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

بقیہ 32 آفریدی دور

ہوئے، یہ رپورٹ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے پس منظر میں تیار کی گئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جاں بحق ہونے والوں میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے 550 اہلکار اور 599 شہری شامل تھے، جبکہ زخمیوں میں 1704 سکیورٹی اہلکار اور 891 شہری شامل ہیں۔ یہ اعداد و شمار صوبے میں بگڑتی سکیورٹی صورتحال کے سرکاری جائزے کا ایک اہم حصہ ہیں۔

بقیہ 33 تیل کی قیمتیں

ایجنسی (آئی ای اے) کی جانب سے ڈیزل کے مزید ذخائر جاری کرنے کے فیصلے کے بعد یورپ میں ڈیزل کے منافع کے مارجن میں کمی آئی۔

بقیہ 34 بیرسٹر گوہر

کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں لے بھی جائیں گے۔ گورنر راج، ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں، ریلیف ملنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ پہلے معاملہ دیکھے، لارجر بینچ بنا کر سماعت کی جائے، گورنر راج اور ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں ہمیں عدالت سے ریلیف ملنا چاہیے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا مزید کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کے بارے میں معلوم نہیں وہ کہاں ہیں، ارکان اسمبلی کی گرفتاریاں نہیں ہونی چاہئیں، اب چیزیں واپس ہونی چاہئیں۔

بقیہ 35 رانا ثنا

اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، پی ٹی آئی گراب بھی اپنا آئینی و قانونی کردار نبھائے تو سوچا جاسکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا۔

بقیہ 36 نواز دیے

کی چھت گرنے کا واقعہ افسوسناک ہے۔ نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں بھی اسکولوں کی حالت زار سے متعلق مریم نواز پہلے ہی کام کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے مسئلے کو سمجھتا ہے اور اس کا نوٹس بھی لے رہا ہے۔ اپنی صحت سے متعلق بات کرتے ہوئے نواز شریف نے بتایا کہ میری طبیعت ٹھیک ہے، اللہ کا شکر ہے۔

بقیہ 37 اقصیٰ میروانی

وصول کرلیا بلوچستان کی بیٹی اقصیٰ میروانی عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندہ بن گئیں سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق بلوچستان کے دورافتادہ اور پسماندہ ضلع آواران سے تعلق رکھنے والی باصلاحیت خاتون اقصیٰ میروانی نے اٹلی کے دارالحکومت روم میں اقوام متحدہ کے ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کے باوقار 100 2026AwardHeroesWomen وصول کرکے بلوچستان اور پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کیا ہے۔ یہ اعزاز خواتین کی خدمات، دیہی ترقی اور زرعی و غذائی نظام (Agrifood Systems) میں نمایاں کردار کے اعتراف میں دیا گیا۔ یہ اقصیٰ میروانی کی اس عالمی سطح پر پذیرائی کو بلوچستان، بالخصوص آواران جیسے دورافتادہ علاقے کی خواتین کے لئے ایک حوصلہ افزا مثال قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 38 عطا تارڑ

بحث ہوئی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ حکومت اور اس کے اتحادیوں نے پارلیمنٹ میں اپنا موقف پیش کیا، جبکہ اپوزیشن کے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ حکومت کا بنیادی موقف یہ رہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خلاف وفاق کے ساتھ تعاون کرے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قابل قبول نہیں کہ صوبے میں لوگ دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہوتے رہیں اور صوبائی حکومت ان واقعات کی مذمت تک نہ کرے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے معاملے میں یہ فیصلہ ابھی باقی ہے کہ ان پر کیا الزامات عائد کیے جاسکتے ہیں اور ان کے خلاف کس نوعیت کی کارروائی ممکن ہے۔

بقیہ 39 ہاکی

تسلسل میں بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کوئٹہ میں دو مقامات پر ہاکی تربیتی کیمپ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ یہ تربیتی کیمپ نواب غوث بخش رئیسانی ہاکی گراؤنڈ، ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ اور صفدر علی بابل ہاکی گراؤنڈ، گلستان ٹاؤن کوئٹہ میں منعقد کیے جارہے ہیں، جن میں کوئٹہ کے 25 سرکاری و نجی اسکولوں کے 200 سے زائد طلبہ حصہ لے رہے ہیں۔ ان کیمپوں کا بنیادی مقصد اسکول کی سطح پر ہاکی کے کھیل کو فروغ دینا، طلبہ کی جسمانی فٹنس بہتر بنانا، کھیل کی بنیادی تکنیکوں سے روشناس کرانا اور نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ تربیتی سرگرمیوں کے دوران طلبہ کو ہاکی کے بنیادی اصولوں، اسٹک اور بال کے استعمال، کھیل کی مہارتوں اور جسمانی تربیت پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 40 لشکری رئیسانی

کریں، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز دیہی خواتین کے عالمی دن پر خواتین سیاسی کارکنوں کی فکری نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ نشست میں بڑی تعداد میں خواتین سیاسی کارکن شریک ہوئیں، اس موقع پر عوامی رابطہ ویمن ونگ کی رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ ملک میں اکثریت کو اختیار حاصل نہیں بلکہ اختیار ایک طبقہ کے ہاتھ میں ہے ایسے میں ہماری آبادی کا نصف حصہ جو خواتین پر مشتمل ہے وہ آئندہ نسلوں کی بقا اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے حقیقی سیاسی کارکنوں کے شانہ بشانہ قومی اختیار اور حقوق کیلئے اپنا کردار ادا کریں بصورت دیگر محکومی ہماری آئندہ نسلوں کو بھی برباد کرے گی۔

بقیہ 41 پولیس کارروائی

ہوئے ملزم عبدالکریم کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے جعل سازی سے بنائی گئی مختلف چیزیں اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کرکے قبضے میں لے لیا اسی طرح ایس ایچ او صدر شاہ اللہ ساحل نے کارروائی کرتے ہوئے [illegible] حمزہ کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرلی جناح ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کرایہ داری ایکٹ میں مفرور ملزم عبدالرزاق کو گرفتار کرلیا۔ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 42 پیپلز پارٹی

تو آئینی اقدامات کرنا پڑتے ہیں، وفاقی حکومت نے آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے قدم اٹھایا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سینیٹر قرۃ العین مری، رکن قومی اسمبلی فتح اللہ خان اور رہنما خونزادہ چنان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اب کوئی بھی خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتا، پشاور جیسے شہری علاقے بھی دہشت گردی سے متاثر ہورہے ہیں اور کسی بھی وقت کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آسکتا ہے۔ قبائلی علاقوں میں بھی بچے، خواتین اور خاندان آباد ہیں، دہشت گردی نے ان کے گھر اجاڑ دیے اور معمولات زندگی متاثر کیے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دہشت گردی کی آگ دوسرے علاقوں تک بھی پھیل سکتی ہے، اس لیے اسے بہانہ نہیں بلکہ پاکستان کی تلخ حقیقت سمجھتے ہوئے سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کئی دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور اس جنگ میں عام شہریوں، پولیس اور پاک فوج کے اہلکاروں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول پر رہا ہے، اسی لیے دہشت گردی سے متاثرہ عوام کی مدد کے لیے خصوصی فنڈ مختص کرنے اور قومی مالیاتی کمیشن میں دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے ایک فیصد اضافی حصہ دینے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ ان کے بقول تحریک انصاف کی صوبائی حکومت سے سوال بنتا ہے کہ گزشتہ 13 برس کے دوران دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کیا اقدامات کیے گئے۔ شازیہ مری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں روزانہ تین، چار اور پانچ دہشت گردی کے واقعات پیش آنے کی اطلاعات ہیں اور گزشتہ تین سے چار ماہ کے دوران بھی ایسے واقعات مسلسل رونما ہوتے رہے ہیں۔

بقیہ 43 جمعیت نظریاتی

نے کہا کہ تعجب کی بات ہے کہ سعودی حکومت سے دفاعی معاہدوں کے باوجود حوثیوں کے مسلسل حملوں میں اضافہ تمام اہل اسلام کیلئے تشویشناک ہے اور یہودونصاریٰ اسرائیل کا روزاول سے امریکہ کی پشت پناہی سے عالم کفر بالخصوص یہودونصاریٰ کی کوشش کررہا ہے کہ وہ جیسے مسلمانوں کے قبلہ اول پر غاصبانہ قبضہ کررکھا ہے فلسطین غزہ اسرائیل کی انسانیت سوز مظالم کسی سے مخفی نہیں ٹرمپ کے منافقانہ کردار جو بیک وقت اسرائیل [illegible] کی مذمت بھی اور حمایت جنگی ساز و سامان بھی فراہم کرتا ہے اسی طرح [illegible] الحرمین الشریفین کیخلاف بھی سازشیں کررہی ہے یہی قوتیں دراصل ان ابرہہ کیساتھ ہے جیسی کعبۃ اللہ پر لشکر کشی کی کوشش کی اور اللہ نے ابابیل سے ابرہہ کے لشکروں کو ریزہ ریزہ کیا تھا امریکہ و اسرائیل ان سازشی عناصر کے ساتھی اور پشت پناہی کررہا ہے۔

بقیہ 44 نصراللہ خان زیرے

ہوئے کیا اجلاس سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری [illegible] اور سلیمان خان بازئی، علاقائی سیکرٹری عبداللہ خان بازئی اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا اس موقع پر پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری علی محمد ترین، [illegible] بازئی، ضلعی ڈپٹی سیکرٹری ملک فرید خان، عبدالوہاب بازئی، سید عبداللہ آغا، مرکزی کمیٹی کے رکن حاجی عصمت اللہ بازئی، صوبائی کمیٹی کے اراکین [illegible] سمیت پارٹی کے دیگر رہنماء، کارکنان اور علاقہ عمائدین بھی موجود تھے۔ [illegible]

بقیہ 45 ٹرمپ

کرتے ہوئے بتایا کہ امریکا اس حوالے سے روس اور چین کے ساتھ مذاکرات کررہا ہے۔

بقیہ 46 وزیر خزانہ

ملاقات کے دوران کیا۔ [illegible]

بقیہ 47 میر ضیا لانگو

[illegible]

بقیہ 48 آٹا مہنگا

[illegible]

بقیہ 49 مولانا واسع

[illegible]

بقیہ 50 مولانا ہدایت

[illegible]

بقیہ 51 اجلاس

[illegible]

بقیہ 52 عبدالقادر

[illegible]

ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں زرعی صلاحیت اور محنتی کسانوں کی موجودگی بہتری کی مضبوط بنیاد ہے۔

بقیہ 53 اصول پٹی

[illegible]

بقیہ 54 بسنت

درخواست گزار کے وکیل نے استفسار کیا کہ کیا ان کے پاس ایسا کوئی نوٹیفکیشن موجود ہے جس کے تحت 2027 میں 10 روزہ بسنت منانے کا فیصلہ کیا گیا ہو؟ [illegible]

بقیہ 55 شیریں مزاری

[illegible]

بقیہ 56 ملزمان گرفتار

[illegible]

بقیہ 57 قتل

[illegible]

بقیہ 58 رحمت صالح بلوچ

[illegible]

بقیہ 59 خیر جان بلوچ

[illegible]

بقیہ 60 نادر آگ

[illegible]

بقیہ 61 زیادتی

[illegible]

بقیہ 62 فائرنگ

[illegible]

بقیہ 63 راغب حسین نعیمی

[illegible]

بقیہ 64 نور محمد خان دمڑ

[illegible]

بقیہ 65 جمہوری وطن پارٹی

[illegible]

بقیہ 66 آبنائے ہرمز

[illegible]

برادر بحری جہاز سمندری بارودی سرنگ سے ٹکرانے اور آگ لگنے کے بعد ڈوبنے کی اطلاع دی تھی۔

بقیہ 67 بازیاب

[illegible]

بقیہ 68 سلیم کھوسہ

[illegible]

بقیہ 69 عبدالرحمن رفیق

[illegible]

بقیہ 70 نعیم الرحمان

[illegible]

بقیہ 71 ربابہ بلیدی

[illegible]

بقیہ 72 نوجوان چل بسا

[illegible]

بقیہ 73 ہلاک

[illegible]

تربت' گھر میں گھس کر فائرنگ سے 2 افراد ہلاک

پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا' سرفراز اور عامر کی نعشیں ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت میں گھر میں فائرنگ سے 2 افراد ہلاک ہوگئے نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز تربت کے علاقے ڈاکٹر کالونی میں گھر میں فائرنگ سے 2 افراد سرفراز اور عامر ہلاک ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی تاہم قتل کی وجہ معلوم نہ ہوسکی۔ مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

صوبائی وزراء میر سلیم احمد خان کھوسہ، میر ضیاء اللہ لانگو، سردار کوہیار ڈومکی، صوبائی مشیر مینا مجید بلوچ، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر اشوک کمار اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

خواتین کے تحفظ و حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' ضیاء لانگو

اسماء جنگ اور لائبہ ستار کے کیس میں ملزمان جتنے بھی بااثر ہوں جلد قانون کی گرفت میں ہونگے، کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی

لائبہ ستار کیس میں اہل خانہ کی نشاندہی پر 4 ملزمان کو نامزد کیا گیا، اہلخانہ کی جانب سے راضی نامہ کے باعث 2 افراد بری ہوئے، وزیر داخلہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ خواتین کے تحفظ اور حقوق کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اسماء جنگ اور لائبہ ستار کے کیس میں ملزمان جتنے بھی بااثر ہوں جلد قانون کی گرفت میں ہوں گے۔ اور لائبہ ستار کے حوالے سے کیس میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ لائبہ ستار کیس کے حوالے سے مقدمہ درج ہوگیا ہے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اہل خانہ کی نشاندہی پر 4 ملزمان کو نامزد کیا گیا اہل خانہ کی جانب سے عدالت میں راضی نامے کے بعد 2 گرفتار افراد بری .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل قوم متحدہ کے ذیلی ادارے یو این ڈی پی اور ورلڈ انگیج ارگنائزیشن کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

خاران' چوروں کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل جاں بحق

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) خاران شہر کلان ایریا میں چوروں کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل خان غلام رسول جاں بحق چوروں نے موٹر سائیکل موبائل اور دیگر نقدی چھیننے کی کوشش کی جس پر خان غلام رسول نے مزاحمت کی جس پر چوروں نے ان پر فائرنگ کی جس سے وہ شدید زخمی ہوئے جنہیں فوری طور مزید طبی امداد کیلئے کوئٹہ لے جارہا تھا کہ راستے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا خاران پولیس مزید تفتیش کررہی ہے۔

مستونگ' چیف آف علیزئی فرزند سمیت بازیاب

گھر واپسی کی تصدیق ان کے بھائی سردارزادہ خلیل الزماں علیزئی ایڈووکیٹ نے کی

مستونگ (آن لائن) چیف آف علیزئی سردار شاہ زمان خان علیزئی اور ان کے فرزند بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے۔ چیف آف علی زئی قبائل اور سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی مستونگ سردار شاہ زمان خان علیزئی اپنے فرزند کے ہمراہ بازیاب ہوکر جمعہ کے روز اپنے آبائی .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی برطانیہ کے انرٹیمپل کے اعزازی بینچر مقرر

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کو برطانیہ کے انرٹیمپل کا اعزازی بینچر مقرر کردیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کا برطانیہ کی معروف قانونی تنظیم انرٹیمپل نے لندن میں منعقدہ تقریب کے دوران اعزازی بینچر کے طور پر خیر مقدم کیا۔ سپریم کورٹ کی جانب سے جمعہ کو جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق اس موقع پر پاکستان اور برطانیہ کے عدالتی و قانونی اداروں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

محکمے میں لوا حقین کوٹہ پر بھرتیاں میرٹ کی بنیاد کریں گے' سلیم کھوسہ

بھرتیوں میں سفارش' دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں' صوبائی وزیر مواصلات

بھرتیوں کے پورے عمل کو غیر جانبدار بنایا گیا ہے' سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان

بھاگ پور (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل میرٹ شفافیت اور مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے گا اس ضمن میں کسی قسم کی سفارش.......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کا رجحان' عوام مشکلات کا شکار

20 کلو کے تھیلے کی قیمت میں 500 پچاس کلو بوری کی قیمت میں 2 ہزار 100 کلو بوری کی قیمت میں 3 ہزار روپے اضافہ ہو چکا

صوبائی حکومت کی جانب سے گندم نہ خریدنے اور گندم پالیسی کے باعث دوسرے صوبوں سے گندم کی سپلائی بھی بند ہے، ملز مالکان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان اور ملک کے دیگر صوبوں میں آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمت نے عوام کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں تقریباً 500 روپے اور 50 کی بوری کی قیمت میں 2 ہزار روپے اور 100 کلو بوری کی قیمت میں 3 ہزار روپے اضافہ ہو چکا ہے۔ آل پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے سابق صدر سید ناصر آغا نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری کے حوالے سے پالیسی اور گندم نہ خریدنے کی وجہ سے دوسرے صوبوں سے گندم کی سپلائی بند ہے.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز میں کنٹینر بردار بحری جہاز ڈوب گیا

نیویارک (م ڈ) آبنائے ہرمز میں کنٹینر بردار بحری جہاز ڈوبنے کے ایرانی دعوے کے بعد ہرمز کے پانی میں تیرتے کنٹینر اور دیگر اشیا کے مناظر سامنے آگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق آبنائے ہرمز میں کئی ٹینکر اور .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں نے ملک کو سنگین بحرانوں سے دوچار کر دیا' مولانا عبدالرحمان رفیق

عوام کے فیصلوں کو بے وقعت بنانے کی روش نے ریاستی ڈھانچے کو نقصان پہنچایا' مین اللہ شمس

جمہوریت عوام کے حقوق کے تحفظ کا نام ہے' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد.......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، انڈیپنڈنٹ وکلاء پینل میں سینئر وکلاء کی شمولیت کے موقع پر ایڈووکیٹ خلیل احمد پانیزئی کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے سے احسن بھون ایڈووکیٹ، میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ، امجد علی شاہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

چاروں صوبوں میں تعلیم کو تباہ کرنے کا مقابلہ چل رہا ہے' حافظ نعیم الرحمان

پنجاب میں 9th کے 52 فیصد بچے فیل ہوگئے، مریم نواز بیٹی کی تقریب کیلئے لندن چلی گئیں

نوجوان مفت و معیاری تعلیم کے حق میں آواز اٹھائیں' تقریب سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ملک کا تعلیمی نظام فرسودہ اور مہنگا ہے، پونے تین کروڑ بچے سکول نہیں جاتے، چاروں صوبائی حکومتوں میں تعلیم کو تباہ کرنے کا مقابلہ چل رہا ہے، پنجاب میں نویں جماعت کے........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

گیس کی دستیابی یقینی بنانا حکومت کی ترجیح ہے، پٹرولیم ڈویژن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم ڈویژن نے ایل پی جی کی مجوزہ تقسیم کے طریقہ کار سے متعلق حالیہ خبر میں پیش کیے گئے تاثر کو درست قرار نہیں دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مقامی طور پر پیدا ہونے والی مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی شفاف اور مسابقتی عمل کے ذریعے فروخت حکومت کی ترجیح ہے۔ پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ایل پی جی کی تقسیم کا مجوزہ طریقہ کار چند مارکیٹ پلیئرز تک مقامی پیداوار کے ارتکاز کو ختم کرنے، مارکیٹ میں منصفانہ مسابقت کو فروغ دینے اور تمام متعلقہ فریقوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو دخترانِ پاکستان جینڈر ایکسیلنس ایوارڈ سے نوازا گیا

صوبائی مشیر کو یہ ایوارڈ خواتین کو بااختیار بنانے کے شعبے میں ان کی خدمات کے اعتراف میں پیش کیا گیا

اسلام آباد (خ ن) صوبائی وزیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی (ستارہ امتیاز) کو سیاسی قیادت کے شعبے میں دخترانِ پاکستان جینڈر ایکسیلنس ایوارڈ سے نوازا گیا، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے انہیں یہ ایوارڈ پیش کیا۔ یہ اعزاز جامع اور........ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نے غیر جمہوری اقدامات کیخلاف اصولی موقف اختیار کیا' مولانا عبدالواسع

عوام جمعیت کی اصولی سیاست، نظریاتی جدوجہد اور مولانا فضل الرحمان کی قیادت پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں' صوبائی امیر

جمعیت کے کارکن ہر مشکل گھڑی میں اپنے نظریات پر ثابت قدم رہے لیکن اصولوں اور موقف پر سمجھوتہ نہیں کیا

ملک سنگین بحرانوں سے دوچار' قوم کو ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو ذاتی مفادات کی بجائے عوامی مسائل کو ترجیح دے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ قوم کی نظریں جمعیت علماء اسلام پر لگی ہوئی ہیں، دیگر صوبوں کی طرح پنجاب میں بھی جمعیت علماء اسلام کی بڑھتی ہوئی عوامی پذیرائی اور مقبولیت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اصولی سیاست، نظریاتی جدوجہد اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں جمعیت علماء اسلام نے........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کے اسکول میں فائرنگ، 3 بچے اور ایک استاد ہلاک

واشنگٹن (م ڈ) امریکی ریاست اوریگون میں 16 سالہ لڑکے نے اسکول میں فائرنگ کرکے 3 بچوں اور ایک استاد کو قتل کردیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فائرنگ سے ہلاک بچوں کی عمریں پانچ، آٹھ اور گیارہ سال معلوم ہوئی ہیں، جب کہ مقتول استاد کی عمر 54 سال تھی۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کرنے والے لڑکے کو قریب موجود ایک شخص نے فائرنگ کرکے ہلاک کردیا۔ امریکی حکام واقعے کی مزید تحقیقات کررہے ہیں۔

کوئٹہ، ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان ایڈمنسٹریٹر بشیر خان بڑیچ پی ڈی ایم اے کے دفتر کا دورہ کر رہے ہیں

انگلینڈ، مردوں میں خودکشی کی شرح ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی

لندن (م ڈ) انگلینڈ اور ویلز میں 50 سے 54 سال کی عمر کے مردوں میں خودکشی کی شرح 2025 میں ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔ برطانوی ادارہ برائے قومی شماریات (او این ایس) کے مطابق گزشتہ سال اس عمر کے 532 مردوں نے خودکشی کی، جو ہر ایک لاکھ افراد میں 28 اموات کے برابر ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 2024 میں یہ شرح ہر ایک لاکھ افراد میں 27.3 تھی جبکہ 1981 میں ریکارڈ مرتب کرنے کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد یہ بلند ترین سطح ہے۔

ڈیرہ بگٹی، پٹرول پمپ آگ میں زخمی نوجوان چل بسا

مراد علی دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا

ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی پٹرول پمپ آگ سے زخمی ہونے والا نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور' موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک' 1 زخمی

نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے' مزید کارروائی پولیس کررہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پنجگور میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل اور ایک کو زخمی کردیا نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس ذرائع بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کئی گھر اجڑ گئے' اہل بلوچستان کو امن کی ضرورت ہے' مولانا ہدایت الرحمن

مائیں بیوہ' بچے یتیم، شاہراہیں غیر محفوظ' بیروزگاری و بارڈر کی بندش نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا' رکن اسمبلی

جماعت اسلامی ظلم و جبر' ناانصافی کیخلاف ہر فورم پر آواز بلند کرے گی' مختلف وفود سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ اہل بلوچستان کے عوام کو امن کی شدید ضرورت ہے، بدامنی نے ہر گھر اجڑ گئے، مائیں بیوہ اور بچے یتیم ہو رہے ہیں، شاہراہیں غیر محفوظ جبکہ بے روز........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ' ہزارہ ٹاؤن میں شوہر کے ہاتھوں بیوی کا قتل' ملزم گرفتار

حمید اللہ نامی شخص نے پتھر سے وار کر کے اپنی بیوی کو قتل کیا' مزید کارروائی جاری ہے' پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزارہ ٹاؤن کے علاقے میں ایک شخص نے اپنی بیوی کو قتل کردیا پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ہزارہ ٹاؤن کے رہائشی حمید اللہ نامی شخص نے پتھر سے وار کرکے اپنی بیوی کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔ پولیس نے واقعہ کی......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کی مدت ملازمت میں مزید 3 سال کی توسیع

مدت ملازمت میں 22 دسمبر 2026ء سے 21 دسمبر 2029ء تک توسیع کی گئی ہے' اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ قانون و پارلیمانی امور حکومت بلوچستان نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان شہزور احمد بلوچ کی مدت ملازمت میں مزید 3 سال کی توسیع کردی ہے۔ محکمہ قانون و پارلیمانی امور بلوچستان کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق ان کی مدت ملازمت میں 22 دسمبر 2026ء سے 21 دسمبر 2029ء تک توسیع کی گئی ہے۔

ٹرمپ نے ایران میں امریکی فوج اتارنے اور جوہری حملے کا امکان مسترد کر دیا

امریکہ ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال نہیں کرے گا اور نہ ہی وہاں دستے بھیجنے کا کوئی ارادہ رکھتا ہے

جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے معاملے پر امریکہ روس اور چین کے ساتھ مذاکرات کررہا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال کرنے اور امریکی زمینی فوج تعینات کرنے کے امکانات مسترد کر دیے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کو دیے گئے ایک انٹرویو میں امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جاری کشیدگی کے تناظر میں واضح کیا کہ امریکا ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال نہیں کرے گا اور نہ ہی وہاں امریکی فوجی دستے بھیجنے کا کوئی ارادہ رکھتا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ وہ ایران میں امریکی زمینی فوج تعینات کرنے کے حق میں نہیں ہیں۔ انہوں نے جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے معاملے پر بھی بات .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور اسکول سانحہ، 30 بچوں اور خاتون ٹیچر کی ہلاکت کا مقدمہ درج

پشاور (بیورو رپورٹ) ورکالونی اسکول میں چھت گرنے سے بچوں و خاتون ٹیچر کی ہلاکتوں اور 52 افراد کے زخمی ہونے کے واقعے کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل استعمال کیا گیا تھا اور عمارت بوسیدہ ہونے کے باعث اس کی حالت غیر موزوں تھی۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا ہے کہ اسکول کی دیواروں اور چھتوں کی خستہ حالی سے متعلق پہلے بھی شکایات کی گئی تھیں، تاہم بچوں کی جانب سے شکایات کے باوجود اسکول مالکان نے مبینہ طور پر کوئی شنوائی نہیں کی۔

معصوم جانوں کا ضیاع افسوسناک' حقائق سامنے لائے جائیں' رحمت صالح بلوچ

سکولوں میں بچوں اور اساتذہ کی جانوں کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے' رہنما نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پشاور میں نجی سکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعہ میں 33 سے زائد بچوں اور ایک خاتون ٹیچر کی شہادت جبکہ درجنوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک سانحہ قرار دیا اپنے ایک بیان میں انہوں .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بروری و سبزل روڈ کیلئے گرین بس سروس شروع کی جائے' خیر جان بلوچ

رکشوں کے کرائے ادا کرنا ممکن نہیں لوکل بسوں کی بندش کیخلاف طلبہ نے احتجاج بھی کیا' رکن اسمبلی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ نے کہا ہے کہ بروری روڈ پر لوکل بسیں بند کرنے سے طلباء اور عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، اس مسئلے کو فوری حل کیا جائے، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے واقعے میں شہید ہونے والے طلباء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی جارہی ہے

نصیر آباد' نامعلوم مسلح افراد موبائل ٹاورز کو آگ لگا کر فرار

پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد مسلح افراد کے حملے میں دو موبائل ٹاورز کو آگ لگادی گئی تمام مشینری و دیگر سامان جل کر راکھ ہوگیا' مسلح افراد فرار ہوگئے نصیر آباد کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس تھانے کی حدود اوچ پاور پلانٹ کے ایریاز میں........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ، 5 سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کے ملزم کی ضمانت مسترد

زیادتی اسکول میں ہوئی، ایسے ملزمان کیساتھ نرمی نہیں رکھی جاسکتی، جسٹس محمد علی مظہر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پانچ سالہ بچے سے مبینہ زیادتی کے ملزم کی ضمانت مسترد کردی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ پانچ .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر خزانہ کی عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں' سرمایہ کاری کے فروغ پر زور

آئی ایم ایف پروگرام کے تحت پیش رفت، ٹیکس اصلاحات، اور زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 21.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے سے متعلق آگاہ کیا

علاقائی تنازع کے توانائی، مہنگائی اور غذائی تحفظ پر اثرات کے ساتھ ساتھ رسد برقرار رکھنے اور موسم سرما کی طلب کو پورا کرنے کیلئے تیاریوں پر بھی گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نے برآمدات پر مبنی ترقی، آئی ٹی برآمدات میں اضافے، پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں مسابقت بہتر بنانے اور قرضوں کی پائیداری کی اہمیت پر زور دیا ہے تاکہ خود مختار کریڈٹ ریٹنگ کے ڈبل بی درجے کی جانب پیشرفت کی جا سکے۔ وزارت خزانہ کے مطابق، انہوں نے ان خیالات کا اظہار تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکرٹری برائے بین الاقوامی امور ایرن براؤن سے.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی' متعدد ملزمان گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او سٹی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کامیاب کارروائی متعدد ملزمان گرفتار اسلحہ اور چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد تفصیلات کے مطابق خضدار پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائیاں کا سلسلہ جاری اسی سلسلے میں ایس ایچ او سٹی تھانہ منیر عالم جنگ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مختلف مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کی گئی کارروائی کے دوران پولیس نے تین ملزمان علی احمد عبدالرشید اور اختر کو .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد، مختلف قبائل کے درمیان فائرنگ، 6 افراد زخمی

فائرنگ گزشتہ تین روز سے جاری ہے، متعدد مویشی ہلاک

آمدورفت کے راستے بند، کھانے پینے کی اشیاء کی شدید قلت

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد چھتر کوراور اور گیگی میں مختلف قبائل کے درمیان گزشتہ تین روز سے جاری فائرنگ متعدد مال مویشی ہلاک جبکہ چھ افراد کے زخمی .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، صوبائی مشیر ترقی نسواں بلوچستان ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو دخترانِ پاکستان جینڈر ایکسیلنس ایوارڈ دے رہے ہیں

خواتین کو وراثت سے محروم کرنا اسلامی تعلیمات کے منافی ہے' ڈاکٹر راغب نعیمی

وراثت کے معاملات قرآن و سنت کے مطابق حل کئے جائیں' چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ خواتین کو وراثت سے محروم کرنا اسلامی تعلیمات کے منافی ہے، وراثت کے معاملات قرآن و سنت کے مطابق حل کئے جائیں، اسلام نے وراثت کی تقسیم کے .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت عوام کو خوفزدہ کرنے کی بجائے بنیادی مسائل پر توجہ دے' پشتونخوا نیپ

کارکن پارٹی منشور کے مطابق خدمت کو اولین ترجیح بنا کر مسائل کے حل کیلئے عوامی رابطوں کا سلسلہ تیز کریں' نصراللہ زیرے

پشتونخوا نیپ سیاسی اصولوں کے مطابق عوام کے بنیادی حقوق، امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی' خرگ علاقائی یونٹ کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ پارٹی کے دفاتر عوامی مسائل اور مشکلات کے حل کے ساتھ ساتھ پارٹی کی نظریاتی، سیاسی اور تنظیمی تربیت کے اہم مراکز ہیں پارٹی دفاتر میں عوامی مسائل کے حل، سیاسی علم و شعور کے فروغ، تنظیمی سرگرمیوں کو مضبوط بنانے اور پارٹی کارکنوں کی نظریاتی تربیت پر خصوصی توجہ دی جانی چاہئے انہوں نے ان خیالات کا اظہار خرگ کے علاقے میں گاؤں میراب زئی کے مقام پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی خرگ علاقائی یونٹ کے دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں کی پالیسیوں نے نوجوانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کردیا' حلیم عادل شیخ

کراچی (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں نے نوجوانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کردیا ہے۔ 2024 سے 2026 تک 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد نوجوان روزگار کیلئے بیرون ملک جا چکے ہیں، جو ملک میں روزگار کے مواقع کی کمی اور حکومتی پالیسیوں کی ناکامی پر سوالیہ نشان ہے۔ 16 اکتوبر کو جاری بیان میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ گزشتہ تین سال کے دوران نوجوانوں کیلئے روزگار کے موثر مواقع پیدا کرنے اور ان کا مستقبل محفوظ بنانے کیلئے کوئی جامع پالیسی متعارف نہیں کرائی جاسکی۔

مستحق مریضوں کو سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیح ہے' نور محمد دمڑ

مالی مشکلات سے دوچار خاندانوں کی مدد کرنا انسانیت کی خدمت ہے' صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کوڈیلی ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ غریب اور مستحق مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ضلع ہرنائی، شاہرگ سے تعلق رکھنے والے .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے حالات کسی سے پوشیدہ نہیں' جمہوری وطن پارٹی

حکومت مسائل حل کرنے کی بجائے صرف سیاسی فیصلوں پر بحث کررہی ہے

کمشنر رخشان اسد اللہ کاکڑ کے ساتھ پیش مبینہ واقعہ قابل مذمت ہے' ندیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ندیم کاکڑ نے کمشنر رخشان ڈویژن اسد اللہ کاکڑ کے ساتھ پیش آنے والے مبینہ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات کسی سے پوشیدہ نہیں، لیکن افسوس کہ صوبے .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی تحصیل کاریزات کے زیراہتمام جے یو آئی کنونشن سے مولانا عبدالرحمن رفیق، عبدالمنان کاکڑ، ابوزبیر، عبدالخالق صدیقی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی بیٹی اقصیٰ میروانی عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندہ بن گئیں

یہ اعزاز خواتین کی خدمات، دیہی ترقی میں نمایاں کردار کے اعتراف میں دیا گیا

صلاحیت، عزم اور محنت کسی جغرافیائی حدود کی پابند نہیں' کمشنر لسبیلہ سائرہ عطاء

لسبیلہ (خ ن) لسبیلہ بلوچستان کی بیٹی اقصیٰ میروانی نے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کردیا روم میں FAO کا "AwardHeroesWomen100 2026" .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق حتمی رائے دینا قبل از وقت ہے' عطاء تارڑ

سہیل آفریدی کیخلاف کارروائی سے متعلق فیصلہ ابھی ہونا ہے، فیصل واوڈا کی باتوں کا جواب وہی دے سکتے ہیں، وزیر اطلاعات

یہ قابل قبول نہیں کہ صوبے میں لوگ دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہوتے رہیں اور صوبائی حکومت مذمت تک نہ کرے

خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی تمام تر توجہ صوبے میں عوامی خدمات کی فراہمی اور سروس ڈیلیوری بہتر بنانے پر ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق حتمی رائے دینا قبل از وقت ہے، سہیل آفریدی کے خلاف کارروائی سے متعلق فیصلہ ہونا ہے، خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی تمام تر توجہ اس وقت صوبے میں عوامی خدمات کی فراہمی اور سروس ڈیلیوری بہتر بنانے پر ہے، جبکہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے معاملے پر پارلیمنٹ میں دو روز تک تفصیلی .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کا کوئٹہ میں دو مقامات پر تربیتی کیمپ کا انعقاد

کوئٹہ کے 25 سرکاری و نجی اسکولوں کے 200 سے زائد طلبہ حصہ لے رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ہاکی فیڈریشن (PHF) اور پاکستان اسپورٹس بورڈ (PSB) کے تعاون سے ملک میں قومی کھیل ہاکی کو نچلی سطح سے فروغ دینے، نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور ہاکی کی بحالی کے لیے شروع کیے گئے اقدامات کے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین قومی اختیار و حقوق کیلئے کردار ادا کریں' لشکری رئیسانی

ملک میں اکثریت کو اختیار حاصل نہیں بلکہ یہ ایک طبقہ کے ہاتھ میں ہے' سینئر سیاستدان

محکومی ہماری آئندہ نسلوں کو بھی برباد کرے گی' کارکنوں کی فکری نشست سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ خواتین ہماری آبادی کا نصف حصہ ہیں وہ آئندہ نسلوں کی بقاء اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے حقیقی سیاسی کارکنوں کے شانہ بشانہ قومی اختیار اور حقوق کیلئے اپنا کردار ادا .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں جاری' جعل ساز سمیت 3 ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کیخلاف مقدمات درج' مزید کارروائی جاری ہے' پولیس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جعل سازی کرنے والے غیر قانونی اسلحہ اور منشیات سمیت مفرور ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے موٹر سائیکل، اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ انڈسٹریل خیر محمد کے ہمراہ دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت دہشتگردی کی سہولت کار بن جائے تو آئینی اقدامات کرنا پڑتے ہیں' پیپلز پارٹی

خیبر پختونخوا میں اب کوئی بھی خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتا، پشاور جیسے شہری علاقے بھی دہشت گردی سے متاثر ہو رہے ہیں، شازیہ مری

پارلیمنٹ ہاؤس میں پی پی پی رہنماؤں سینیٹر قرۃ العین مری، رکن قومی اسمبلی فتح اللہ خان اور رہنما اخونزادہ چٹان کے ہمراہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات، معصوم شہریوں کی شہادتوں اور عوام کے عدم تحفظ کی صورتحال پر سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے، صوبائی حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کی جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور تعلیم و صحت سمیت بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہے، تاہم صوبے میں دہشت گردی جاری ہے اور حکومت کو دیگر سیاسی معاملات کی فکر ہے۔ اگر کوئی حکومت دہشت گردی پر قابو پانے میں ناکام ہو جائے اور سہولت کار بن جائے .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کر رہے ہیں

ڈی سی کوئٹہ کا تعمیراتی منصوبوں میں حائل رکاوٹوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس

مہراللہ بادینی کا تمام متعلقہ محکموں کے درمیان باہمی رابطے اور موثر تعاون کی اہمیت پر زور

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت این اے 25 چمن تا کراچی شاہراہ کے تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں اور ان کے حل کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنرل مینیجر نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے)، محکمہ سی اینڈ ڈبلیو، محکمہ انڈسٹری اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کی حدود میں........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں صحت کی سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے' محمد عبدالقادر

ہنگر انڈیکس سے متعلق خبر پر تشویش' بھوک اور غذائی قلت کا خاتمہ قومی ترجیح ہونا چاہیے

وفاق و صوبے غذائی قلت میں کمی کے واضح اہداف مقرر اور پیش رفت کا جائزہ لیں' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار کے چیئرمین سینیٹر محمد عبدالقادر نے عالمی ہنگر انڈیکس سے متعلق تازہ خبر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

حرمین شریفین مسلمانوں کیلئے ریڈ لائن ہے' مولانا عبدالقادر لونی

سعودی حکومت سے دفاعی معاہدوں کے باوجود حوثیوں کے مسلسل حملوں میں اضافہ تمام اہل اسلام کیلئے تشویشناک ہے، جمعیت نظریاتی

حرمین شریفین مکہ پر حملہ تمام اہل اسلام پر حملہ ہے، محض کانفرنسوں سے نہیں حرمین الشریفین کی حفاظت کے لیے فوری عملی اقدامات کئے جائیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الھدیٰ ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی حاجی حیات اللہ کاکڑ اور مجلس عاملہ کے ارکان نے کہا کہ مدینہ منورہ پر حوثیوں کے میزائل حملے مدینہ شریف کو نشانہ بنانے کی اطلاعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین تمام عالم اسلام اور مسلمانوں کے ریڈ لائن ہے حرمین شریفین مکہ پر حملہ تمام اہل اسلام پر حملہ ہے انہوں .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اختر محمد روڈ پر گاڑی کی ٹکر سے گرنے والا کھمبا، جو کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے

انمول عرف پنکی مزید 2 مقدمات میں بری، عدالت کا رہائی کا حکم

اگر ملزمہ کسی اور مقدمے میں نامزد نہیں تو اسے فوراً رہا کر دیا جائے' عدالت

کراچی (م ڈ) منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کو مزید 2 مقدمات سے بری کر کے عدالت نے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت نے منشیات اور سہولت کاری کے مقدمات میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست منظور کرلی۔ پراسیکیوشن ملزمہ کے خلاف مزید 2 مقدمات میں شواہد پیش کرنے میں مکمل .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ، بسنت کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف درخواست مسترد

درخواست گزار کو متعلقہ نوٹیفکیشن کے ساتھ دوبارہ درخواست دائر کرنے کی بھی ہدایت

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت 2027 کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف درخواست غیر ضروری قرار دیتے ہوئے مسترد کردی، جبکہ درخواست گزار کو متعلقہ نوٹیفکیشن کے ساتھ دوبارہ درخواست دائر کرنے کی ہدایت بھی کردی۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے شہری شاہد اسلام کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت عدالت نے .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری' ہادی علی چٹھہ کیخلاف جعلی ایف آئی آر تماشا ہے، شیریں مزاری

دونوں کو جیل میں رکھنا ہے تو رکھیں، یہ جیل ٹرائل خواری ہے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری نے کہا ہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف جعلی ایف آئی آر، جیل ٹرائل اور تماشا ہے۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو میں کہا ہے کہ ایمان اور ہادی کے خلاف جعلی ایف آئی آر .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر